تمہاری سیر کی خاطر ملی ہر خلد کو خُنکی — تمہاری ہی سب دنیا مین ہی بالیدگی گن کی
ترے امداد مین کچہہ بن نہین پرتا مشوش ہون — جُسٹہائی ہی دل محزون بہ حسرت کے تغابن کی
تصور سے مدینہ کی جنان کی سیر کرتے ہین — گمانکو اپنی ملجاتی ہی کیفیت تیقن کی
عدو نی نام مین اپنی غضب دکھہا دوالا تھا — اگر عقدہ کشا ہی جو نہہ تی تیری ناخن کی
مین سنتا کب کسی کی ہون بس اپنی دہن کا پکا ہون — عبث حیرہ زبانون ڈ مچاتی غل ہی سن سن کی
نہ دلکو اپنی کچہہ میلان ہے سیر و تماشہ پر — نہ خوبانی رہی ہی اس طبیعت کو تفنن کی

بدل کر قافیہ کچہہ اور بھی رحمت سرای ہو
جماعت گوش بر آواز ہے اہل تسنن کی

تماشاگاہ یزدان ہی تجلی روی روشن کی — عرب کی ذرہ ذرہ مین ضیا ہی دشت ایمن کی
رہائی جب ملے اس طائر روح مقید کو — مدینہ کی درختون پر تمنا ہے نشیمن کی
وہی عالم رہا فضل خدا سے بزم مولد پر — چلی پیری نہ منکر کی نہ چرخ عربدہ فن کی
ترے قبضہ مین ہی دستگاہ فیض یزدانی — بڑہائی آبرو میری گھٹائی بات دشمن کی
مجھے بے زر سمجھکر جاہتے ہین گھر عدو اپنا — دوہائی تیری بوذر کی دوہائی تیری مسکن کی
عجب اک مخمسہ مین پڑگیا ہون یا رسول اللہ — کچہہ موقع ہو ماندکا کچہہ طاقت ہی رفتن کی

ہماری چشم کو کیون آج خواب دل سے بدلی ہے
زمانہ ناموافق ہے تو اپنا کیا پرایا کیا
عدو سی گو کی کہدے ہم غلام شاہ مردان ہین

ہماری چشم مین کیون آج کیفیت ہی گلخن کی
نہ شکوہ ہے اعزا کا شکایت ہی نہ دشمن کی
بنی گی جان پرا و سکے اگر کچھہ ہمسے ان بن کی

سخا کو جب ترد د ہے دیا یا ہمنے نصرت کی
وہی پہر معرکہ ہے پہر وہی ہی چھیڑ بد ظن کی

روکئے ہیں اپنی زبان اہل غرض کی سن کبھی
مقصد خالق نہوتا گر ظہور ذات پاک
راہ پر آنا بھی تجھکو اے تصور ہے ضرور
منعمو بہولے ہوی ہو تم خدا کی شان کو

تو نے ای منعم سنا ہی حبد و لا تمنن کبھی
غیب سی پیدا نہوتی یہہ صدای کن کبھی
آستان آسمان رفعت کی تاری چن کبھی
دیکہنا برسی ہوی بندہ کی گہر بھی من کبھی

ہر مہینے مین سخا ہم چاند کو کیون دیکہتے
آپکا ملتا اگر ترشا ہوا ناخن کبھی ✤

کیا خاک ہمین ہند کی جینے مین مزہ ہی
قربان کبھی ہم یہی تو ہوتی تھی ای عید
کہای بھی کہلای بھی یہہ ہے لطف ممول
پانی ہی قناعت کی مسرت تو یہہ سمجھے
ہر چاند مدینہ مین نہین لطف سے خالی
لب سی ہے سرو کار نکچھہ کام زبان سے

مکہ مین مزہ ہے کہ مدینہ مین مزہ ہے
اور آج نہ کہانے مین نہ پینے مین مزہ ہے
قارون نہ بنی لاکھہ دفینہ مین مزہ ہے
شورہ سے سوا آب شبینہ مین مزہ ہے
مکہ مین تو ذالحجہ کی مہینے مین مزہ ہے
محفوظ ترا نام ہو سینہ مین مزہ ہی

انسان کو سخا چاہیئے راضی برضا ہو ✤
لذت نہ حسد مین ہی نہ کینہ مین مزہ ہے

یثرب جو ملا راہ نمونی بخت سے
انگور تاک لینگے سخا ہر درخت سے

ایک ایک ذرہ خاک سواد مدینہ کا
افضل ہے ہفت کشور و دیہیم و تخت سے

راتون کے جاگنے نے ہمین تنگ کردیا
لین خواب مستعار کچھہ اپنی ہی بخت سے

یاشافی السقیم ہے اپنی زبان پر ٭
دیتا ہی بس شفا وہی امراض سخت سے

بزم عزاے لخت دل مصطفے ہے یہہ
ٹپکا لہو ہمارے دل لخت لخت سے

گر عیب پوش ہو تو لباس برہنگی
بہتر ہے چرخ پیر کی اس کہنہ رخت سے

ہوئیگا کربلا و مدینہ کو ای سخا
فرصت اگر ملی جو تجھے تیرہ بخت سے

شوق بزم عزا بہانہ ہے
اشک مد نظر بہانہ ہے ٭

ناموافق اگر زمانہ ہے
ہو مدینہ ہمین بھی جانا ہے ٭

ہو رہا ہون کبھی سے پا بر کاب
چھیڑنا حسد کی تازیانہ ہے ٭

ترک حب الوطن ہے کیا مشکل
اس ارادہ پہ جو کہ ٹہاتا ہے ٭

انبیا ہین جہان کہ سب جان
آپ ہی کا یہہ آستانہ ہے ٭

کام مطبخ کا اور خلیل اللہ
خضر اور آبدار خانہ ہے ٭

ہر گداے مدینہ کو حاصل ٭
شوکت و شان خسروانہ ہے

کیون کہین آج کیا ہین کل کیا تھی
حال ماضی فقط فسانہ ہے

ہم سخا اور قیام فتح گڈھ ہی
یہہ بھی تحریک آب و دانہ ہے

یہہ کیا حال اپنا خدایا ہوا ہے
کہ بدخواہ اپنا پرایا ہوا ہے

اوٹھو مردم چشم تعظیم کو
ہیں رے دل ہین رہ ای خیال مدینہ
نہ پونچہو تجمل کو معراج کے
نئی گردشین کچھ نہین ہین مرا
فلک سرنہ کیا کچھ اوٹھاتا مگر
عدم کی بھی ہے رہنمائی ضرور
عمائد خوشامد طلب کا مزاج

تصور مدینہ کا آیا ہوا ہے
یہہ گہر بھی خدا کا بنایا ہوا ہے
فلک پر سما ایک چھایا ہوا ہے
یہہ چرخ کہین آزمایا ہوا ہے
زمین نے عرب کو دیا یا ہوا ہے
جدا اسلئے اونسے سایا ہوا ہے
بگڑتا ہے اکثر بنایا ہوا ہے

محمد کا ہے مدح گر اے سخا
خدا کی حقیقت کو پایا ہوا ہے

مدینہ جائینگے قسمت نے اگر کچھ بھی رسائی کی
مرا آقا ہے وہ آقا تمنا آج رکھتے ہین
خدا جسکا ثنا خوان ہی خدا جسکا اداداں ہی
شب معراج محبوب خدا پر ایک عالم تھا
بنی سنوری ہوی حورین کہڑی ہین منتظر کسکی
بچھی ہی عرش پر بتلائے کسکے لیے کرسی
عدو لیتے ہین دل پر چٹکیاں پروا نہین ہمکو

ضرورت رہبری کی نہ حاجت رہنمائی کی
ملائک جسکے سنگ آستان پر جبہہ سائی کی
بشر نے مدح گر اوسکی لکھی ہے کیئے خدائی کی
مسیحا نے اوتر کر آسمان سے پیشوائی کی
یہہ کسکے واسطے رضوان نے جنت کی صفائی کی
کہلی ہی کسکی آمد سے مشیت کبریائی کی
کہ عادت آپکی ناخن کو ہے عقدہ کشائی کی

اقارب جنکو ہم سمجھے ہوئے تھے کالعقارب ہین
سخا بدلی ہوئی ہے آج کیفیت ڈبائی کی

دکہلائین ہم عروج عرب کی فصیل کے
کچھ حوصلہ تو پست ہو چرخ محیل کے

دلمین ہماری بسکہ کشش پر ہی جذب دل
اے آفتاب قصد مدینہ نکل کہین *
اللہ رے مدینہ کہ کوسون تلک جہان
وہ رحمت خدا کا تو اثر کہ واہ واہ *
معراج مین حضور وہان سی بھی بڑھ گئے
دشت مدینہ واہ رے شادابیان تیری
ہم شاہ ذوالفقار کے مدحت نگار ہین *

نقشے کہنچے ہوے ہین عرب کی فصیل کے
ہم منتظر ہین شام سے صبح رحیل کے
ٹیلے ہین طور طور دکہاتے ہین میل کے
وہ دائما نزول وہان جبرئیل کے
پر جس مقام پر کہ تہکے جبرئیل کے
پہولونمین تولے جاتے ہین کانٹے مغیل کے
جوہر ہین اپنے کلک مین تیغ اصیل کے

ق

ساری غزل ہین ساقی کوثر کی مدح ہے
اس بحر پر گمان ہین سخا سلسبیل کے

آئینہ رخ کو کیا حقنے تو حیرانی دی *
وہ بھی ہم سا ہی پریشان ہوا الہی جس نے
اپنے محبوب کو اللہ رے قدرت تیری
وہ رسول عربی وہ شہ اقلیم کرم
تونے انسان سے ناچیز کو اے خالق کل
نظم اقلیم سخن پر ہوی جب تیزی نظر

زلف کو سر پہ چڑہایا تو پریشانی دی
ہمسے پابند توکل کو پریشانی دی
خوش شمائل بھی کیا شکل بھی نورانی دی
جسکے الطاف نے سلمان کو سلیمانی دی
اشرف الخلق کیا عقل جہان بانی دی
ہمکو اک طبع دی اور طبع کو جولانی دی

کس زبان سے ہو سخا خالق ہمثل کا شکر
بے زبان ہمکو کیا اور زبان دانی دی

نظر آتی نہین مقصد کی مجکو راہ ادرکنی
فلک مجکو رلاتا ہے عدو آنکہین دکہاتا ہی

رسول اللہ ادرکنی رسول اللہ ادرکنی
خدیو شرع ادرکنی خدا آگاہ ادرکنی

عدو اور بر سر کین ہی فلک ہی اور کم بین ہی — فلک خرگاہ ادرکنی شہ ذیجاہ ادرکنی

دعا ہے بے اثر اپنی نہین ہوتی مگر اپنی — تجہی پر ہی نظر اپنی جہان کی شاہ ادرکنی

مجھے ذہن ہی بیتابی مجھی شب بہر ہی بیخوابی — عجم کے مہر ادرکنی عرب کے ماہ ادرکنی

سخا جب غم ستاتا ہے زبان پر اپنی آتا ہے
رسول اللہ ادرکنی رسول اللہ ادرکنی

عدو اک فوج مین تنہا اغثنی — اغثنی یا شہ والا اغثنی

جہان کے ای سبب فریاد فریاد — جنان کے ای بہار آرا اغثنی

ترا خادم ہے اور تکلیف فریاد — ترا بندہ ہے اور ایذا اغثنی

نگاہون سے گرایا سب نے انظر — کوئی پرسان نہین میرا اغثنی

رہین عسر اور تیرا ہوا خواہ — رسالت کے چمن پیرا اغثنی

خزان ہے اور گلزار تمنا — بہار جنت الماوا اغثنی

میری قسمت کڑی زنجیر فریاد — مرا طالع قوی بالا اغثنی

مجھے اک بیکلی سی آجکل ہی — مجھے امروز ہے فردا اغثنی

یکایک مین ہوا ردّ خلایق — حبیب خالق یکتا اغثنی

غضب کی بیکسی آفت کی غربت — خدا کے واسطے شاہا اغثنی

مصیبت ہی مصیبت ہی مصیبت — رسول اللہ واویلا اغثنی

اغثنی حضرت انصاف فرما — جناب معدلت آبا اغثنی

سخا کو رنج دیتا ہی زمانہ
اغثنی اے میرے آقا اغثنی

یا جناب امیر خذ بیدی
یا شہ قلعہ گیر خذ بیدی

زور بازوے مصطفی مددی
دست رب قدیر خذ بیدی

گردش چرخ نے ستایا ہے
شاہ گردون سریر خذ بیدی

پا بزنجیر فکر دنیا ہون +
اب ہے میرے دستگیر خذ بیدی

تنگ کرتی ہے تنگدستی آج
اے امیر اے امیر خذ بیدی

اہل دنیا مجھے ستاتے ہین
شاہ دین کے وزیر خذ بیدی

اے کرم دستگاہ اور کنی
ایجہان دستگیر خذ بیدی

مظہر شوکت ید اللہی + +
بے عدیل و نظیر خذ بیدی

دست بستہ سخا یہہ کہتا ہے
یا جناب امیر خذ بیدی

علی جی ایلیا جی بو الحسن جی
خدا کے شیر جی خیبر شکن جی

دو چار غم کو دو غم سے رہائی
یکے از یادگار پنجتن جی

تردد کو ہمارے دفع کردو
تردد ہو گیا ہے دفعتاً جی

حزین ہون منتشر ہون مضطرب ہون
جناب قبلہ جی آقای من جی

تسلی دو تسلی دو تسلی
پے شبیر جی بہر حسن جی

تمہارا دامن دولت ہے اور ہین
نہین ہے ہاتھہ مین کوڑی بھی جھنجھی

مدینہ آب و گل مین ہے ہمارے
کہ ہم طفلی مین کہلاے بدن جی

محاصل کم مصارف ہے زیادہ
زیادہ کیا کہے یہہ خستہ تن جی

خطا پوشی عطا پاشی ہے اور تم

سخا اور مدح گوئی مدح سنجی

یہی تذکرہ حق پرستوں میں ہے		تجلی مدینہ کی رستوں میں ہے
نہ گرد حرم ہے نہ گرد عرب		یہہ گردون بھی قسمت کی پستوں میں ہے
لب معجز آما کا مداح ہوں		مسیحی میرے پیش وستوں میں ہے
یہہ بندہ تو مدت سے بندہ نواز	ق	تمنائیوں میں تر ستوں میں ہے
خدا کے لیے اسکو بلوائے		یہہ کیا دیران بند و بستوں میں ہے
ہمارا قلم اور نعت رسول		یہہ وہ ابر ہے جو برستوں میں ہے

مسدس مخمس رباعی غزل
سخا نعتیہ میری بستوں میں ہے

اظہار کو ارادہ اپنا ترس رہا ہے	بادل گرج رہا ہے پانی برس رہا ہے
بیکس ہے مجھے سمجھہ کر اور جان کر اکیلا	بیفائدہ کمر کو نا اہل کس رہا ہے
دنیا کے گو وسائل نکلے نہ کارآمد	آقا ابھی تو اپنا فریادرس رہا ہے
گیسوے عنبرین کی ہم لکھہ رہے ہیں مدحت	سارا مکان ہمارا عنبر سے بس رہا ہے
بنتے ہیں وہ مشایخ کہتے ہیں رہ مسائل	جنکو علوم دین سے مطلق نہ مس رہا ہے
مقصود تک رسائی کیونکر ملیگی یارب	اوس قافلہ میں ہم ہیں جو بے جرس رہا ہے

ماہ صفر بھی گذرا ماہ رجب بھی آیا
کہتے **سخا** سفر میں کیا پیش و پس رہا ہے

لب پہ لبیک کا ترانہ رہے	اور زبان سلمو تسانہ رہے
آپ کا نام تابنام حسین	حسن اور اوپنجگانہ رہے

امروز کش بتون مین روضہ کا — آستین اور وہ آستانہ رہے
دیکھہ اے شوق سجدہ مستثنیٰ — کوئے اقدس مین کوئی جا نہ رہی
وہ جبین دے مجھے خدا وندا — جو کہ سجدہ مین جاودانہ رہے
مین بہذا الامام مغتنم رہون — مقتدی میرا اک زمانہ رہے
ہاتھہ وہ ہون کہ جنکے قبضہ مین — طرز تسلیم فدویانہ رہے
پاؤن وہ ہاتھہ آئے جو اکثر — سوئے ملک عرب روانہ رہے
آپکی ذکر خیر کی دولت — رشک گیتی غریب خانہ رہے
ہاتھہ جسکو لگا سکے نہ خزان — اپنی قبضہ مین وہ خزانہ رہے

روز ہم جائین اے سخا یثرب
روز تحریک آب و دانہ رہے

بے ادب بھی آپکو اعلیٰ سے اعلیٰ دیکھتے — ششلکم کی بعد گر یوحی الیّ دیکھتے
ہائے ہم ہندوستان مین کیون ہو بیہودہ گرد — گر پھرتے روز روضہ کے مدینہ دیکھتے
دیکھتے ہم گر یاد رہی بخت سے ہم بھی عرب — کیون نہ پہر مقرون حاصل ہر تمنا دیکھتے
آپکے دور رسالت مین اگر ہوتے کہین — قم باذنی کا تماشا بھی مسیحا دیکھتے
کیون رہی ہندوستان مین کیون نہ ہم یثرب گئے — قدسیون کی آمد و شد کا تماشا دیکھتے

مدح پردازان احمد جانتے سحبان وقت
گر سخا کا نظم کردہ وہ سراپا دیکھتے

ربیع الاول کا ہے مہینہ فلک پہ زہرہ یہ گا رہی ہے
حضور آئے بہار یثرب مین آ رہی ہے

لکھون مین نام مبارک اونکا پڑھون مین لاکھون درود اُنپر

قلم کی گردش زبان کی جنبش بہار تازہ دکھا رہی ہے

یہان تو ہم ہین وہان فرشتہ یہہ بزم مولد ہے اور عقیدت

قیام ہمکو سکھا رہی ہے سلام اونکو بتا رہی ہے

سما فلک پر ہے آج تازہ نیا ہے روی زمین پہ غازہ

ملک پنا ہا بشر نوازا صدا یہہ ہر سو سے آرہی ہے

زمین کا چرخ برین ہی زینہ زمین کا عمدہ ہے ہر قرینہ

چمک ہے مکہ سے تا مدینہ خدا کی قدرت دکھا رہی ہے

کہو یہہ صل علے محمد کہو یہہ لبیک یا محمد

کجا مسیحا کجا محمد نوید سروہ جلا رہی ہے

قلم کو دیکھو ہٹہا یا جس نے زبان پہ مضمون آمد آمد

زبان کو دیکھو کہ خیر مقدم کے آج لذت اُٹھا رہی ہے

چمن مین غنچہ شگفتہ رو ہے چمن کی ہر نہر باوضو ہے

زبان پہ صلو ہے سلمو ہے فرہ یہہ بلبل اوڑا رہی ہے

سخا کو کہتے کہ ہے ثنا خوان سخا کو کہتے کہ ہی یہہ سحبان

سخا ہے با اینہمہ پریشان کہ پاس اوسکو ستا رہی ہے

لب پہ مہری رات ہی کہ دن ہی
ہے عام حضور کی رسالت
چمکتا ہے مدینہ کی زمین سے

بس صل علے محمد ہے
حضرت کا مطیع انس و جن ہے
ہر چند کہ آسمان مسن ہے

کیوں پیر کہا گیا دوشنبہ | حضرت کے ظہور کا یہہ دن ہی

حضرت کی نظر ہے گر سخا پر
ہر حال مین عین مطمئن ہے

شہنشاہ عادل مدینہ مین ہی
مدینہ مین ہے نور حق جلوہ گر
نتیجہ ہے ملنے کا جو خلد کے
کہین چاشت ہی اور تہجد کہین
مدینہ عجب ایک گلزار ہے
حیات دوبارہ کی لذت ہمین

یہان مین ہون اور دل مدینہ مین ہے
تجلے کامل مدینہ مین ہے
وہی آج حاصل مدینہ مین ہے
بہار مشاغل مدینہ مین ہے
ہجوم عنادل مدینہ مین ہے
صدای فنا فی المدینہ مین ہے

تمنا ہوئی اور حاصل ہوئی
سخا یہہ تو حاصل مدینہ مین ہے

پہلے بر بکم سے زبانپہ الست ہے
خالی سفر کے قصد کا اظہار ہی فضول
مدت ہوئی زمین مدینہ نہو سکا *
شعبان کا مہینہ ہے روزی ہو گیا ہمین
پہیلا دیا ہے دین مبارک کو چار سو
اول ربیع خاص پس و پیش بالعموم

بندہ شراب عشق الٰہی کا مست ہی
ہاتھوں مین اپنے رزہی نہ پاؤنمین جست ہی
پیر فلک بھی سخت ہی ہمت کا پست ہی
اور چودہوین ہی رات نیا بندوبست ہی
کیا منتظم حضور کا ہر بیش دست ہے
میلاد پاک شیوہ ہر حق پرست ہی

بندہ نواز بودہ بداند کے ذیل مین
حاضر سخا بھی نعتیہ دیوان بدست ہی

خلد ہے تبلائین ہم کن کے لیے | بزم مولد کی معائن کے لیے
آج وہ پیدا ہوئے پیدا ہوئے | انس و جن حور و ملک جن کے لیے
گیسو و رُخ کا تصور اور ہم | رات کو وہ ہی تو یہہ دن کے لیے
بل بے شفقت آپ نے روز شمار | امتی ہمراہ گن گن کے لیے
فیض مقدم سے مدینہ طیبہ | فخر ہے ساری مدائن کے لیے
اللہ اللہ رے تمہارا دبدبہ | باغیون نے مُنہ مین اب تنکے لیے
تقویت وہ ہی مدینہ کی زمین | چرخ کو طولانئے سن کے لیے
اور کیا کھائیگا یہہ بسیار نوش | سو دہی کیا کم ہی دائن کے لیے

یا محمد المدد کہنا سخا
مشغلہ ہے اہل باطن کے لیے

ہبت رسول باب تجلی مین فرد ہے | چرخ برین زمین مدینہ سے گرد ہے
مطبوخ حارہ ہی موافق نہ برد ہے | جسکی دوا مدینہ ہی وہ ہمکو درد ہے
اجلاف کو یہہ لاف زنی ہی غنی ہوئین | اشراف اشرفی کے لیے کوچہ گرد ہے
قبضہ مین غیر کے ہی تو کیا فائدہ اُسے | زر ہی اگرچہ پُرکفِ گل ہای ورد ہے
ہر شے کا ہر خواص ہی مد نظر رہے | بالفعل برف ہم نے یہہ مانا کہ سرد ہی
شق ہو چکا ہے ایک اشارہ سے آپکے | اب تک رخ قمر سر گردون پہ زرد ہے

دن فکر کے تصور ابرو مین کاٹیئے
کافی سخا یہہ تیغ پئے ہر نبرد ہی

دام گیسو کے گرفتار کو دانا ہے کہئے | تیرے بیمار کو عیسیٰ زمانہ کہئے

سلمو کہتے یہہ کہتا ہے بتاکید ادب
مصرعہ قد کو مناسب ہی کہ قامت لکھیے
وہ ترو تازہ مدینہ کی زمین ہے جسکا

بعد ازین موئے مبارک کا فسانہ کہیے
بیت ابرو کو بجا ہے کہ دوگانہ کہیے
پیر گردون کو ہوا خواہ پرانا کہیے

جوشش شوق مین کیا جانئے کہ کہتا گیا ہے
اے سخا آج تجھے بے ادبانہ کہیے

ادب مین تکلم ہی نہ تم کہیے نہ تو کہیے
رسول پاک کی مدحت سرائی کا یہہ جلسہ ہی
ہر اک کوچہ وہانکا سیر دکھلاتا ہی جنت کی
یہہ وہ روئے مبارک ہی نہ جز صلو کچھہ لکھیے
تمہارے تشنۂ دیدار اللہ ری نصیب انکی
عرب تو ایک سو سرور ہوا سارا زمانہ ہی

خداوند دو عالم کو تعالے ثنا نہ کہیے
زبانسے آج جو کچھہ کہیے ہوکر باوضو کہیے
مدینہ کو مگر شایان نزول فادہ خلد کہیے
یہہ وہ موئے مبارک ہی نہ غیر از سلمو کہیے
لب کوثر سی جاری ہی صدای واشربو کہیے
ترے گیسوئے عنبر بو کو تہ طلہ کہیے

سخا کو پوچھتے ہو کیا مدینہ کے سفر والو
مجسم شوق کہیے اور سراپا آرزو کہیے

معیت کی مراحل حضرت جبرئیل کو کسکے
زہی قسمت کہ گرم مدح پردازی یثرب مین
مزہ ہرگز نہ پائی گر ملین نغمائے جنت بھی
الہی ہم بھی حسب آرزوی دل کبھی دیکھین
اگر قابو چلا اپنا تو زوارون کے چلنے کو
کہین مشقون مین اپنا نام وصف پنجتن سی ہی

طراری اللہ اللہ ری براق آسمان رس کے
رہا کرتی ہین ہم بھی تیتون مین آجکل خس کے
زبان کو مدح گوئی مدینہ کی ہین یہہ جس کے
وہ سنگ آستانہ اور وہ جلسہ وہان مس کے
مدینہ تک یہانسے فرش بچھوائینگے اطلس کے
نئے مضمون دکھلاتے ہین حرف اپنی مخمس کے

سخا دنیا خدا کی راہ مین پُر نفع کتنا ہی
یہان جو ایک دینگے مستحق ہونگے وہان دس کے

پہر حصول مدعا مین دیر ہے
پہر تصور ہے کسی درگاہ کا
پہر کمی پر ہے مقدر کا حساب
پہر تنزل کل کہلاتا ہے نئے
پہر مریدی لاتخف کہدیجئے

پہر زبان پر یا شہ اجمیر ہے
پہر طبیعت سیر گل سے سیر ہے
من ہمارے واسطے پہر سیر ہے
پہر ہمین عتاب دشتی بیر ہے
پہر ہر اک روباہ خصلت شیر ہے

پہر زبردستی سے چرخ پیر کے
پہر سخا سا پاشکستہ ریزہ ہی

پہر ہمارے قصد مین تاخیر ہے
پہر کہینگے یا محمدؐ المدد
پہر ہوا اللہ احد ہے نقش دل
پہر زبان پر ہے مدینہ کی ثنا

پہر دعای صبح بے تاثیر ہے
پہر عدو سرگرم دار و گیر ہے
پہر تصور مین کوئی تصویر ہے
پہر ہمین خلد برین جاگیر ہے

پہر وہین جا نیکی ہم نیت کرین ؛
پہر سخا یہہ داخل تدبیر ہے

دو چار مدح پیغمبر دل نالان ہمارا ہے
ہمارا کام رہتا ہی توکل کے تعلق مین
تمنا ہی سرور بار اتنا آپ فرمائین ؛
ہمین بانی ہی عزت وصف دندان مبارک مین

بیاض صبح ہی یا دوسرا دیوان ہمارا ہے
خداوند دو عالم منعمو پرسان ہمارا ہے
اسی آنے دو محفل مین یہہ مدحت خوان ہمارا ہے
گہر افشان ہین ہا ہم یا ہم سبق نیسان ہمارا ہے

توجہ چاہیے آقا کی رخصت اسکو کرتے ہین
تردد کوئی دن کی ہی یے مہمان ہمارا ہے

خدا نے ہمکو بہیجا ہے ثنا نبی کو دنیا مین
رسول اللہ کی مدحت گری ایمان ہمارا ہے

طریقہ ناظران خوانی کا ہمکو خوب آتا ہے
تصور آپکی صورت کا اک قران ہمارا ہی

بسر کرنے کو اپنی ایک موسم ہی جداگانہ
زمستان ہی ہمارا اور نہ تابستان ہمارا ہی

خزان پر اپنی رہتی ہی بہار تازہ ہر لحظہ
زیادہ بےسیر و برگی سر و سامان ہمارا ہے

سخا ہم مدح محبوب خدا مین غرق رہتے ہین
لقب فضل خدا سے آجکل سحبان ہمارا ہے

تمت

مسدس

جوش پر رحمت ودود ہی آج
آسمان مائل سجود ہے آج

کس شہنشاہ کا ورود ہی آج
کار کام و زبان درود ہی آج

فرش سے آج عرش تک غل ہی
بزم میلاد سرور کل ہے

پادشاہ عرب کی آمد ہے
رحمت خاص رب کی آمد ہے

امتی زبن لب کی آمد ہے
لایق صد ادب کی آمد ہے

للہ الحمد ہے زبانون پر

آفرین باد مدح خوانون پر

چین سا دل کو چین آتا ہے
وقت صد زیب و زین آتا ہے

سرور مشرقین آتا ہے
آج جد الحسین آتا ہے

آج شاہو نکلے شاہ آتے ہین
لو رسالت پناہ آتے ہین

نور آیا ہے آج محفل پر
دل کو ترجیح ہے عنادل پر

ذکر ہو لو دلنقش ہے دل پر
صدقہ یا ایہا المزمل .... پر

مین ہون اور ذکر خیر کرتا ہون
گویا جنت کی سیر کرتا ہون

گرمی مدحت شہ دین ہے
مدح گوئی ہے وقت تحسین ہے

سرد بازاری سخن چین ہے
لب پہ روح الامین کی آمین ہے

ہر دعا مستحق قبول کی ہے
دہوم صلو علی الرسول کی ہے

ای کمر بستگان راہ طلب
اے تعشق نزاد اہل ادب

آیئے نظر کردگان رحمت رب
اے تمنائیان دید عرب

آج پیش نظر ہے کوچہ دوست
آج حاصل ہے معنے ہمہ اوست

شور ہر سو ہے آمد آمد کا
وقت آیا حصول مقصد کا

غل ہے صل علے محمد کا
رنگ ہی زرد فرقہ بد کا

مجلسوں میں قیام ہونے لگا
السلام السلام ہونے لگا

صرف تعظیم اک زمانہ ہے
ہر زبان طرفہ ترانہ ہے

لب پہ لبیک کا فسانہ ہے
بل بے کاکل کہ تا بشانہ ہے

شان حق ہے حضور کی صورت
ہے سراپا یہ نور کی صورت

نام نامی کا حرف حرف ہے خوب
حا رحطی ہے عین حق مرغوب

ہے الف یا کہ اول اسلوب
میم مقصود مدعا مطلوب

دال میں بھی کمال ہے بالکل
قندلی یہ دال ہے بالکل

ہان طبیعت کی جوش حاضر ہو
نطق اعجاز گوش حاضر ہو

غیب کے اے سروش حاضر ہو
چشم حاضر ہو گوش حاضر ہو

اپنی زینت ہم آشکارا کریں
حسن معنی کا سب نظارا کریں

بزم کو خلد کا جواب بنا ئیں
ایک نقشہ پر آب و تاب بنائیں

اس زمین کو فلک جناب بنائیں
خلق کو داخل ثواب بنائیں

عین دیکھی فرشتہ و کھلائیں
شکل شاہ مدینہ و کھلائیں

وہ ادا وہ کمال کا نقشہ
ہے محب الجمال کا نقشہ

واہ رے بال بال کا نقشہ
اللہ اللہ رے چال کا نقشہ

ہے زخود رفتگی فرشتوںمین
دہوم سی دہوم ہے بہشتونمین

قد کی توصیف ہی یہہ اجمالی
طول مین بات کسلیئے ڈالی

فخر طوبے ہے سرو کا والی
غرض کر مدظلہ العالی

ذکر اس قد کا کائنات مین ہی
قد یہہ ہے قامت الصلواہ مین ہی

ایسا کس قد نے مرتبہ پایا
اوسکو بمبثل حق نے فرمایا

دیکھہ قرآن مین لقد آیا
یہان معیت نکر سکا سایا

حق کے سایہ کا یہان ظہور رہا
سایا اس قد سے دور دور رہا

صف قمرہ کی حسین ہی خوشرو ہی
فرق اسمین نہین سر مو ہے

شان واللیل ہی یہہ گیسو ہی
وارکعوا کی ادا ہے ابرو ہی

زلف کا عنبرین فسانہ ہے
منعقد سارا ہی زمانہ ہے

کان کو کان صدتپاک کہین
ناک کو صاف اور پاک کہین

کان کی لو کو تاب ناک کہین
رخکو ہم روحنا فداک کہین

چشم بر عین اعتقاد کرین
اپنے حق بینون پہ صاد کرین

چشم بد دور چشم شرم آلود
دونون خوش وضع دونون ہین محمود

صاف دکھلا رہی ہین شان ودود
جلوۂ حق طلب نظر بہ سجود ❊

حق نمائے پسند ہین دونون
چارۂ دردمند ہین دونون

نور سینہ سے آشکار جدا
پشت پر مہر کی بہار جدا

اور پسینہ ہے عطر بار جدا
دونون شانے ہین شاندار جدا

عضو ہر ایک شان باری ہے
ہان سزاوار جان نثاری ہے

اللہ اللہ رے عز و شان کمر
گہر ہے اعجاز کا میان کمر

عالم الغیب قدردان کمر
ہو چکا ہے یہہ امتحان کمر

معجزہ ہر نظر سے نکلا ہے
صاف ٹکا کمر سے نکلا ہے

ہاتھ ذی دستگاہ پائے ہین
عرش تک کی خبر یہہ لائے ہین

پاؤن خوش سیر ہاتھ آئے ہین
معجزے آپ نی دکھائے ہین

زور خیر البشر کا روشن ہے
حال شق القمر کا روشن ہے

ناخنون کا کمال ظاہر ہے
بدر ظاہر ہلال ظاہر ہے

وسط و خم کی مثال ظاہر ہے
قدرت لایزال ظاہر ہے

خوب ہے انگو گرہ کشائی کی ❊

رشق ہے معجزہ نمائی کی

واہ ممدوح ہے عجیب اپنا
جسکو خالق کہے حبیب اپنا

ہر مرض کے لیے طبیب اپنا
اوسکی امت زہے نصیب اپنا

آپکو پایا ہمنے سب پایا
افصح راحم لقب پایا

اب ضاعت کا عرض حال کرون
عہد طفلی کا قد خیال کرون

کلک کو شکرین مقال کرون
آج طوبی کو مین ہنال کرون

جوش طبع روان کو دکہلادون
جوئے شیر جنان کو دکہلادون

تھی حلیمہ جو آپ کی دایا
رشک ہمسایہ تھی وہ ذی مایا

اوس نے کسدرجہ مرتبہ پایا
آپ بے سایا اور وہ سایا

شایق دید قد ہزارون تھے
پائمال حسد ہزارون تھے

گو دین ہے لیے ہوے پہرنا
دل کو انپر دے ہوئی پہرنا

حرز جان بس کیے ہوے پہرنا
جام عشرت پیے ہوے پہرنا

دولت بے زوال پائی ہوئی
شمع رخپر بھی لو لگائی ہوئی

پاؤن پہ چلنے کا جب زمانہ ہوا
قد بھی نام خدا میانہ ہوا

رحمت خاص شامیانہ ہوا
اور گیسو بھی تا بشانہ ہوا

گہر سے باہر تلک قدم آئے
بیدموں کے دہوں ہیں دم آئے

تھی رضا ہی جو آپ کے بھائی
تھی ادہر سے بھی لطف فرمائی

آپ پر جان و دل سے شیدائی
ہمدگر ارتباط و یکجائی

پاس خاطر تھا اتفاق بھی تھا
دور رہنا دلوں سے شاق بھی تھا

ایکدن آپ نے یہہ فرمایا
بہائیوں کو کہاں ہیں بہجوایا

مادر مشفقہ میری دایا
صبح سے آج او نہیں نہیں پایا

ہمکو گہیرا ہے ناصبوری نے
مترود کیا ہے دوری نے

سنکے یہہ بات سو دعائیں دیں
جب دعا اور کہہ چکی آمین

رخ کی اور زلف کی بلائیں لیں
یوں کہا اے بہار گلشن دین

بکریاں لیگئے ہیں جنگل میں
حکم ہو تو نہ جانے دوں کل میں

لب کو حضرت نے درفشاں کرکے
عزم بالجزم خود عیاں کرکے

حمد معبود برزبان کرکے
اور حلیمہ سے کچھہ بیان کرکے

دورۂ دشت پر کمر باندہی
صبح گلگشت پر کمر باندہی

لو نزدل چمن ہے صحرا میں
آمد گلبدن ہے صحرا میں

نور سایہ فگن ہے صحرا مین
قدرت ذوالمنن ہی صحرا مین

طور ہے طور کا پہاڑون مین
رنگ گلزار کا جھاڑون مین

دشت کا چرخ پر دماغ ہی آج
خار و خس تک بھی باغ باغ ہی آج

رشک بلبل ہیانکا زاغ ہی آج
ذرہ روشن تر از چراغ ہی آج

خار کو گل سے استعارہ ہی
اوج پر دشت کا ستارہ ہی

آج اللہ رے خداوندی
فرط شادی کی بل بی پابندی

ذرہ ذرہ ہی صرف خورسندی
پتہ پتہ کو ہے برومندی

نام ہر نقص کا کمال ہی آج
جو شجر ہی جہان نہال ہی آج

ہر طرف سے صدا درود کی ہی
دھوم ہر سمت اس ورود کی ہی

مشق افلاک کو سجود کی ہی
آمد آمد یہہ کس نمود کی ہی

ہر گیاہے کہ از زمین روید
وحدہ لاشریک لہ گوید

آج ہر غم کو دور ہونا ہے
شان حق کا ظہور ہونا ہے

دشت دار السرور ہونا ہی
ذرہ ذرہ کو نور ہونا ہے

خاک کو شان ہاتھہ آنی ہے
آبرو ہر ندی کو پانی ہے

قصہ کوتاہ آپ جب آے
بھائی حضرت کیساتھ سب آے

دشت مین خسرو عرب آے
بکریان لیکے باادب آے

کسکے لب سکا نہ کہان کی زبان
خیر مقدم تھا اور جہان کی زبان

کیا وہ ہے دن وہی مہینہ ہو
پاک تر وہ شہ مدینہ ہو

چاک اک مصلحت سے سینہ ہو
نور سے نور نکلے جینا ہو

سانحہ جب کہ یہہ نظر آیا
ایک بھائی جھپٹ کی گھر آیا

دیکھکر جو گیا تھا نیک نہاد
اور کہا دوڑ کیا گھڑی ہی شاد

کی حلیمہ سے عرض کل روداد
صرف صرصر ہوا وہ باغ مراد

دو جوانون نے تیز دستی کی
کچھہ خبر ہے نہین ہے ہستی کی

کوہ پر دیکھا تھے جانا بھی
اور دیکھا یہہ چھری چلانا بھی

دو جوانونکا دیکھا آنا بھی
پھر نہ آیا نظر زمانہ بھی

سانحہ سنکہ یہہ عجیب ہوا
مین ز خود رفتگی نصیب ہوا

گھر مین بیٹھی تھی وہ اداس ہوئی
آہ کی سرد اور ہراس ہوئی

سنکے یہہ حال بدحواس ہوئی
حقیقے یہہ گرم التماس ہوئی

یا الٰہی یہہ فکر ہے حد کی

خیر ہو خیر ہو محمدؐ کی

سوی صحرا چلے زخود رفتہ
بہہ صدا اور زبان بگرفتہ

چشم تر دل حزین جگر تفتہ
ای فراغ بہہ دو تا ہفتہ

تم چہپے ہو کہان سراغ تو دو
مرہم زخم تازہ داغ تو دو

تمکو ڈہونڈون کہان کہان کبہی
کبہی دائی مجہے نہ مان کہئے

اور پاؤن کہان نشان کہئے
کچہہ تو ایمیری بی دہان کہتے

ہو سلامت پئے خدا کہدو
آمنہ سے کہون مین کیا کہدو

بہہ بیان عین اضطرار مین تہے
آپ دیکہا تو کوہسار مین تہے

تہلکہ چشم انتظار مین تہے
تر زبان حمد کردگار مین تہے

دوڑ کر گود مین اوٹہا لائے
اور کہا آپ پر فدا دائی

کیا یہہ مضمون تہا کچہہ بیان تو کرو
راز سربستہ کو عیان تو کرو

متحرک ذرا زبان تو کرو
جانمن حل یہہ چیستان تو کرو

شہ نے روداد کل بیان کردی
رمز ہر چار نخل بیان کردی

اس بیانسی جو استفادہ کیا
خیمئہ عزم ایستادہ کیا

چلتے مکہ کو یہہ ارادہ کیا
زیب آغوش شاہزادہ کیا

نیت اوسکی ظہور مین آئی
آمنہ کے حضور مین آئی

عرض یہہ کی جہکا کے سر اپنا — لیجے معجز نما پسر اپنا
رشک فردوس کیجے گہر اپنا — غیر ہے اب دہان تو ہر اپنا

گل کا رہنا وطن مین اچھا ہے
گل کا رہنا چمن مین اچھا ہے

معجزہ یہہ تو بات باتمین تھا — سنگریزونکا نطق ہاتھہ مین تھا
غلغلہ ساری کائنات مین تھا — دمین رجعت تہی شق جو راتمین تھا

کارکام و زبان تھا شام و پگاہ
کلمۂ لا الہ الا اللہ

انبیا رشک مین وقار اونکے — آسمان رس مین راہوار اونکے
خلق مین منعقد ہزار اونکے — شان خالق مین مین نثار اونکے

حق رسی ہی کہ حق رسائی ہے
آپکے در کی پاسبانی ہے

ای جہان آفرین خدای کریم — ای خداوند احمد بی میم
ای بہر حال واجب التعظیم — ای علاج دل صحیح و سقیم

ای مجیب دعای ہر ذی روح
ای وظیفہ دہ فلاح فتوح

دی مجہے بھی مذاق جینے کا — دور کر اختلاج سینے کا

حج ہے عرصہ کئی مہینے کا | جلد زائر بنا مدینے کا

جان جبتک رہی عرب مین رہون
آستان بوس روز و شب مین رہون

جب تلک زیست کا مدار رہی | جب تلک جان مستعار رہی
دل تیری دوست پہ نثار رہے | ذکر مولود سے دوچار رہے

گشت ہون اور عرب کی جنگل مین
محفلین ہون ربیع الاول مین

داور خاتم الرسل کے لیے | باغ یثرب کی تازہ گل کے لیے
شاخ سدرہ کی صرف غل کیلئے | خوش صداہای چارقل کیلئے

ہم بھی کہلائین جان نثار رسول
لکھے جائین ثنا نگار رسول

تیرہ افعال پر نگاہ ... نہو | نامہ اعمال کا سیاہ نہو
خوف کو میری دلمین راہ نہو | مدعی کوئی قرض خواہ نہو

روز آشائیش اور چین رہے
فکر روزی رہی نہ دین رہے

ہم تیری فضل کے جوار مین ہین | صاحب نسل بھی تمہارمین ہین
دوسم العافیت مزار مین ہین | چشم بددور درکنار مین ہین

چار دن آرام سے دوچار رہین
چار دن یکتائے روزگار رہین

همدگر اونکے اتحاد رہے | بدسلوکی کا انسداد رہے
گرم جوشی رہی وداد رہے | ایک ہر دوسرے سے شاد رہے

جو کہ نوکر ہے وہ ترقی پائے
ستر صدکو نوکری ہاتھ آئے

محترز وہ طریق بد سے رہیں | پاک کینہ سے اور حسد سے رہیں
خلق میں ایک شد و مد سے رہیں | نام آور زیادہ جد سے رہیں

طرز تہذیب ان سے رہ نہ سکے
ناخلف اونکو کوئی کہہ نہ سکے

ای سخا ای مدیح پیغمبر | ای حبیب خدا کے مدحت گر
عرض میں طول کاہہ کیوں ہی گذر | کر دعا مختصر کہ پائے اثر

یا الٰہی عرب کی سیر دکھا
عالم عاقبت بخیر دکھا

دیگر

تسبیح فاطمہؑ کا وظیفہ حسینؑ ہی | عقد انامل ید بیضا حسینؑ ہی
اعجاز جان نواز مسیحا حسینؑ ہی | صل علی کی ورد کو زیبا حسینؑ ہی

مطلوب کل طالب و مطلوب ہے حسینؑ
محبوب ذوالجلال کا محبوب ہی حسینؑ

حصن حصین حلم و حمایت حسین ہی | رکن رکین دین و دیانت حسین ہی

امن و امان اہل جماعت حسین ہی
شان و نشان ختم رسالت حسین ہے

سلطان دین پناہ ذوی القدر ہی حسین
روشن ہی آج خلق مین کالبدر ہی حسین

شیرازہ حمائل ایمان حسین ہے
دیباچہ صحیفہ عرفان حسین ہے
شان نزول سورہ رحمان حسین ہے
دیوان کائنات کا عنوان حسین ہے

صنع خدای پاک عبارت اوسی سے ہے
لوح و قلم کو رونق و زینت اوسی سے ہے

ہر حال مین خدای رضا پر حسین ہے
ہر امر مین مطیع پیمبر حسین ہے
افعال بیمثال کا مظہر حسین ہے
عالم کا زبدہ علم کا مصدر حسین ہے

حرف صحیح دفتر اثبات ہے حسین
صرف رضای فاعل بالذات ہی حسین

اصل اصول صنعت باری حسین ہے
نخل ریاض شکر گذاری حسین ہے
باغ جنان کی باد بہاری حسین ہے
بارہ مین ایک نہجر اری حسین ہے

طوبیٰ ہی جسکا بندہ وہ قد ہی حسین کا
بیسایہ جسکا قد ہی وہ جد ہی حسین کا

روشن ہی مہر و زر الہی حسین ہے
ثابت ہی قطب خلق پناہی حسین ہے
ظاہر ہی صرف ترک مناہی حسین ہے
مشہور مہ سی تا سر ماہی حسین ہے

شقاق قرص ماہ کا یہہ ماہ پارہ ہی
رجعت ہی جس سی خور کو یہہ اوسکا اشارہ ہے

زیب حریم صبر و توکل حسین ہے
وابندۂ امور جبر و کل حسین ہی

شان مکان شان تجمل حسین ہے
سو من کا روز حشر توسل حسین ہے

مقبول خاص داور داور ہی حسینؑ
مختار عام احمد مختار ہی حسینؑ

حسن کلام مصحف ناطق حسینؑ ہی
رتبہ میں سابقون سی سابق حسین ہی

مضمون انما کے موافق حسین ہی
ارشاد اکرم کے مطابق حسینؑ ہی

سب صور تو نسی صاحب توقیر ہی حسینؑ
قرآن ہی گر رسول تو تفسیر ہی حسینؑ

تقسیم نار و خلد کا مالک حسینؑ ہی
میزان انتظام ممالک حسینؑ ہی

تفریق کفر و دین کا مسالک حسین ہے
جمع منافقین کا ہالک حسین ہی

فراد خلق میں رقم انتخاب ہے
ضرب المثال شافع روز حساب ہی

برج اسد میں نیر عالی حسین ہی
غنچہ دلوں کو باد شمالی حسینؑ ہی

بہر نجف فروغ لآلی حسینؑ ہے
فرمان نویس غزل و بحالی حسین ہی

فرزند بوتراب ہی ذی اقتدار ہی
شیر خدا کا شیر ہی اور خاکسار ہی

قرآن رسول حق ہی معانی حسین ہے
قرأت نبی ہی صاف زبانی حسین ہے

تنزیل مصطفےٰ ہی نشانی حسین ہے
گویا مظاہر ہمہ دانی حسین ہے

تشابہ یٰس حسین کی صورت میں جھلکا ہی

حاصل یہ قل اعوذ برب الفلق کا ہے

ہر ہفت ہشت قصر معظم حسین ہے
چودہ طبق کے راز سے محرم حسین ہے

آرائش فضائے دو عالم حسین ہے
تزئین نو مقام مسلم حسین ہے

شنگرف ہفت جدول زنگار ہے حسین
یکتا ہے دو چار شش و چار ہے حسین

دریا دلی میں غیرت قلزم حسین ہے
آگاہ طرز معجزہ قم حسین ہے

رفعت میں رشک چرخ چہارم حسین ہے
مستوجب سلام علیکم حسین ہے

روح القدس خطاب کا سرتاج ہے حسین
آرام جان صاحب معراج ہے حسین

سیرت میں کاف و نون کا خلاصہ حسین ہے
خصلت میں عین فاتحہ گویا حسین ہے

صورت میں نون و صاد کا تفسیہ حسین ہے
اخلاص میں ہوا ہو الحی احسین ہے

مستوجب ستائش و تحسین ہے حسین
نور عیون حضرت یٰسین ہے حسین

نقش نگین مہر سلیمان حسین ہے
کشتی نوح صاحب طوفان حسین ہے

شمع فروغ موسیٰ عمران حسین ہے
حسن عزیز یوسف کنعان حسین ہے

واللہ عین گریہ یعقوب ہے حسین
حقا کہ صبر حضرت ایوب ہے حسین

موسیٰ اگر کلیم ہے شنوا حسین ہے
ایوب گر صبور ہے و تقی احسین ہے

آدم اگر صفی ہے مصفا حسین ہے
عیسیٰ جو روح ہے دل نہ الحسین ہے

یوسف عزیز مصر عزیز خدا ہے یہہ
وہ گل ہے یہہ چمن وہ نمک ہی سما ہے یہہ

معنی پنج سورہ صوری حسین ہی
ارکان پنجگان ظہوری حسین ہی

اعراب پنج آیت نوری حسین ہی
تصویر پنج شان غیوری حسین ہی

سرپنجہ جلال یداللہ ہی حسین
اعدا کے تین پانچ سے آگاہ ہی حسین

بیت النبی کا مطلع ثانی حسین ہی
تقطیع شعر عالم فانی حسین ہی

ترجیع خمسہ ہمدانی حسین ہے
دیوان حق روی کا مبانی حسین ہی

نظم جہان ہی نسخہ آورد آپ کا
نوع بشر مطیع ہے ہر فرد آپ کا

موسی ہی جس پہ غش وہ تجلی حسین ہی
خوان خلیل کا متولی حسین ہی

نزدیکی خدا کا مصلی حسین ہی
ایوب کو ملی وہ تسلی حسین ہی

اعجاز پوچھیے تو سراپا مسیح ہے
تسلیم دیکھیے تو بعینہ ذبیح ہے

لکھو کہ حسن مطلع حیدر حسین ہی
جانو کہ جان جان پیمبر حسین ہی

سمجھو کہ رکن خمسہ اطہر حسین ہی
باور کرو کہ عاشق داور حسین ہی

دل سرد ہی جہان سے جہانکی نمود سے
سرگرم اتحاد ہی رب ودود سے

رنگینی ہستودہ گل حسین ہے
پیشانی نوشتہ بلبل حسین ہے

مصرع سروجو کا تجمل حسین ہی — قمری کا شوق اور توغل حسین ہے

سوسن زبان ہی گویا کہ مدحت کو آیکی
نرگس ہے عین چشم زیارت کو آیکی

نیسان حسین ہی تو گہر بھی حسین ہی — گلبن حسین ہی تو ثمر بھی حسین ہی
نیزہ حسین ہی تو جگر بھی حسین ہی — نالہ حسین ہی تو اثر بھی حسین ہی

یوسف ہی کاروان ہی خریدار ہی حسین
سودا ہے جان فروش ہی بازار ہی حسین

درجسکا ابروہی وہ نیستان حسین ہے — درجسکا منزلت ہی وہ دیوان حسین ہے
عزت ہی جسکا گل وہ گلستان حسین ہی — ٹوٹے نہ تا بحشر وہ پیمان حسین ہی

بندوں کا دستگیر ہی بندہ خدا کا ہی
لخت دل امیر ہی آقا سنخا کا ہی

ترجیع بند

کام کل تک تھا نہ کچھ بند اپنا — غیر شاکی نہ گلہ مند اپنا
آج اور فکر سے پیوند اپنا — دل ہی با اینہمہ خورسند اپنا

کام رہنے کا نہیں بند اپنا
بندہ پرور ہے خداوند اپنا

فکر سے دست و گریبان کیون ہی — اسقدر مضطر و حیران کیون ہی
فکر ناکامی و حرمان کیون ہی — ای سنخا آج پریشان کیون ہی

کام رہنے کا نہیں بند اپنا
بندہ پرور ہے خداوند اپنا

ہم سے آتا نہیں ہوں دست نگر
ہم کسی سے بھی نہیں طالب زر

طے کریں قصہ حاتم گوشہ
ہمکو امداد خدا پر ہے نظر

کام رہنے کا نہیں بند اپنا
بندہ پرور ہے خداوند اپنا

شکوۂ جور معاند ہی عبث
مدعی سے مقاصد ہی عبث

متفکر متردد ہی عبث
چرخ بدبین کو اگر ضد ہی عبث

کام رہنے کا نہیں بند اپنا
بندہ پرور ہے خداوند اپنا

بند مقصد کا ہے جادہ باشد
خط تقدیر ہے سادہ باشد

ضعف در بر ہے ارادہ باشد
کم نصیبی ہے زیادہ باشد

کام رہنے کا نہیں بند اپنا
بندہ پرور ہے خداوند اپنا

اہل دنیا کی خوشامد بیجا
خود غرض ہوسے نہ کی مد بیجا

کلفت بودہ بداند بیجا
کام تعجیل طلب حد بیجا

کام رہنے کا نہیں بند اپنا
بندہ پرور ہے خداوند اپنا

غرق دریاے تردد کب تک
غیر سے شوق تفقد کب تک

جستجو اور یہ تعب دوکب تک　　اے سخا مضطرو بخو وکب تک

کام رہنے کا نہیں بند اپنا
بندہ پرور ہے خداوند اپنا

دیگر

کیون کسی کو پُراز حسد کہئے　　کیون حکایات کینہ وکد کہئے
کسلیے ہر بشر کو دد کہئے　　آپکو کیون رہین زد کہئے

نیک کہئے نہ مونہہ سے بد کہئے
یا علی یا علی مدد کہئے

منت صاحب ستم کب تک　　بندہ بندہ درم کب تک
بیہودہ راہ پر قدم کب تک　　شکوہ چرخ پر ستم کب تک

نیک کہئے نہ مونہہ سے بد کہئے
یا علی یا علی مدد کہئے

ہے بدی پر اگر عدو باشد　　ہے اگر شور فاقتلو باشد
آسمان ہے سینرہ خو باشد　　گو مخالف ہے روبرو باشد

نیک کہئے نہ مونہہ سے بد کہئے
یا علی یا علی مدد کہئے

اہل دولت سے التجا بیجا　　مدح گوی اغنیا بیجا
گردش چرخ کا گلہ بیجا　　ہو زبان پر کبھی نہ جا بیجا

نیک کہتے نہ موہنہ سے بد کہتے
یا علی یا علی مدد کہتے

صبر کیجے اگر ستاے کوئی
دیکہئے آنکھہ گر دکہاے کوئی

بیٹہئے شر اگر اوٹہاے کوئی
کچھہ نہ کہئے جو نُسنا ے کوئی

نیک کہتے نہ موہنہ سی بد کہتے
یا علی یا علی مدد کہتے

اے ید اللہ الفلک خرگاہ
قوت بازوے رسول اللہ

اے ولایت پناہ شاہنشاہ
مین ہون اور یہہ کلام شام و پگاہ

نیک کہتے نہ موہنہ سی بد کہتے
یا علی یا علی مدد کہتے

اے کرم دستگاہ خذ بیدی
اے میرے بادشاہ خذ بیدی

اے ولایت پناہ خذ بیدی
کہتے شام و پگاہ خذ بیدی

نیک کہیے نہ موہنہ سی بد کہتے
یا علی یا علی مدد کہتے

چاہیے خوف جس مکان پر ہو
ہو اگر چرخ امتحان پر ہو

یا علی المدد زبان پر ہو
خامشی کی ادا بیان پر ہو

نیک کہیئے نہ موہنہ سی بد کہیئے
یا علی یا علی مدد کہئے

گو عدو بر سرِ نبرد رہے
مرد کو چاہتے کہ مرد رہے

گر بیان ہوں نہ جی کا سر در ہے
ضبط بھی ہم کو تاب در در ہے

نیک کہتے نہ مونہہ سے بد کہتے
یا علی یا علی مدد کہتے

اے سخا یا امام ہو لب پر
فرض مدحت کا کام ہو لب پر

منقبت کا مقام ہو لب پر
اور علیہ السلام ہو لب پر

نیک کہتے نہ مونہہ سے بد کہتے
یا علی یا علی مدد کہتے

دیگر

قبلۂ کونین فلک احتشام
مار ہی خدائی کے مدار المہام

مجبط جبریل علیہ السلام
اپنا وظیفہ ہے یہہ ہر صبح و شام

خاک درت بر سر ما تاج باد
ہر شب عمرت شب معراج باد

نام ہے حضرت کا بصد امتیاز
حق ترا عاشق ترا مدحت طراز

داخل تکبیر اذان و نماز
اپنی زبان پر ہے یہہ بندہ نواز

خاک درت بر سر ما تاج باد
ہر شب عمرت شب معراج باد

حق تجھے ہر گاہ فترضے کہے
کم ہو جو رتبہ ترا زیادہ کہے

کوئی ترے شان میں یہہ کیا کہے
بس یہہ ہی بہتر ہے سنے یا کہے

خاک درت بر سر ما تاج باد
ہر شب عمرت شب معراج باد

خالق یکتا کے پیارے نبی
آپ کے محتاج ہین سارے نبی

وصف ہون کیا مجھسی تمہارے نبی
ایفلک ایوان ہمارے نبی

خاک درت بر سر ما تاج باد
ہر شب عمرت شب معراج باد

ہین ہمہ دان سخا ہمسر جامی نہین
اپنے عقیدے مین تو خامی نہین

دعوی اعجاز کلامی نہین
یہہ نکہون شرط غلامی نہین

خاک درت بر سر ما تاج باد
ہر شب عمرت شب معراج باد

دیگر

کب تلک یارب ہمین ناکامیونسی کام ہی
کب تلک بیسود یہہ فکر ادای دام ہی

کب تلک ہم اور ہجوم گردش ایام ہے
کب تلک بندہ سخا یارب برای نام ہے

روی رحمت بر متاب ای کام جان ارزوی من
حرمت جان پیمبر یک نظر کن سوی من

خمسہ بر غزل خسرو

یوسف کو تیری حسن ہی ہرگز نہین ہی ہمسری
روشن تیری پرتو سے ہی کاشانہ پیغمبری

اللہ رے انوار حق اللہ رے شان دلبری
ای چہرۂ زیبای تو رشک بتان آزری

ہر چند وصفت میکنم در حسن زان زیباتری

خالق کے تم محبوب ہو کسکو ہی تمسے ہمسری
یوسف عزیز مصر ہی محدود ہی یہہ دلبری
تم ہو عزیز کبریا کل پر ہے تمکو برتری
تو از پری چابک تری وز برگ گل نازک تری

وز ہر چہ گویم بہتری حقا عجایب دلبری

اپنی وفور شوق نے کچھہ جستجو کی ہے نہ کم
مشتق تصور مین رہا گاہی عرب گاہی عجم
آیا خیال مصر بھی حضرت کی قدر ہونگی قسم
آفاقہا گردیدہ ام مہر بتان ورزیدہ ام

بسیار خوبان دیدہ ام لیکن تو چیزی دیگری

محبوب ہو خالق کے تم نور خدا ہو سر بسر
قرآن تمہاری مدح ہی حق ہی تمہارا مدح گر
انسان تو کیا ڈھونڈین اگر خورشید و مہ شام و سحر
ہرگز نیاید در نظر صورت ز رویت خوبتر

شمسی ندانم یا قمر یا زہرہ یا مشتری

ای کاش اوس دربار مین حاضر جہان ہین انبیا
عجز و ادب کی راہ سے ہر صبح حاضر ہو صبا
اتنا کہی ای شاہ دین مدت ہوی مثل سخا
خسرو غریب است و گدا افتادہ در شہر شما

باشد کہ از بہر خدا سوی غریبان بنگری

خمسہ بر غزل جامی

ہوا ہے نہ ہوگا مثال محمد
سزاوار مدحت ہی حال محمد
بنون ہین غلام بلال محمد
جہان روشن است از جمال محمد

دلم تازہ گشت از وصال محمد

محمدؐ جلیل است و عالم پناہ ہے
از انجاکہ دارد بہ حق رسم و راہ ہے
محمدؐ جمیل است و عالی کلاہ ہے
خوشا منزل او مسجد و خانقاہ ہے
کہ در روے بود قیل و قالِ محمدؐ

وہ گفتار جوہر وظیفہ کے قابل
وہ صورت بقران کہ حق جسکا مائل
وہ رفتار عالم کے جسپہ جلین مل
بوصف رخش والضحیٰ گشت نازل
چو واللیل شد زلف و خالِ محمدؐ

غلام محمدؐ ہے علمانِ عالم
مبارک عقیدت شعارانِ عالم
محمدؐ کا سلمان سلیمان عالم
بروی زمین گشت سلطان عالم
کسے کو بود پائمالِ محمدؐ

محبت ہے اوسکی عقیدہ ہمارا
خدا کا ہے ہمبر خدا کا پیارا
ہمین عین واجب ہے اوسکا نظارا
خوشا چشم کو بیند ان مصطفےٰ را
خوشا دل کہ دارد خیالِ محمدؐ

سحر کہ کہین رخکی نظارہ والے
کسی کو یہ سودا کہین وہ اوجالے
سر شام کوئی مرا زلف کالے
بود در جہان ہر کسے را خیالے
مرا از ہمہ خوش خیالِ محمدؐ

فرستادہ حق خدا کی پیامے
سخا کو ملے کاش اونکی غلامے
ملائک رہی جنکی دہ کی سلامے
بصدق و صفا ہمچنان گشت جامے
غلام غلامان آل محمدؐ

خمسہ بر غزل حافظ

شہ کون ومکان یثرب کی والی ‏ قلم گردان ہو توفی بجالی
زبان وہ قطع جو ہو اس سی خالی ‏ سلام اللہ ما کثر اللیالی
علی ملک المکارم والمعالی

حضوری جنکی قبضہ مین ہی ہر دم ‏ زیارت کیلیے جو ہین فراہم
کہین ہیں ہر طرف سے بھی یہہ پیہم ‏ دعاگوے غریبان جہانم
دادعو باالتواتر والتوالی

سنجا سی مضطرب کی اے معادن ‏ حبیب کبریا یثرب کے ساکن
نہین آرام اس خادم کو تم بن ‏ فحبک راحتی فی کل حین
وذکرہو نسی فی کل حالی

سر گیسوے تا شانہ سلامت ‏ بلاسے مخلصی کے ہی علامت
تجلی بخش دل ای یادقامت ‏ سویداے دل ہن تا قیامت
مبادا ز سوز سوداے تو خالی

زمانہ کے حسین عالم کے ہرہ وش ‏ بہی صورت رخ انور پہ ہین غش
مرادل اور سر گیسوی دلکش ‏ مثال ای دل کہ در زنجیر زلفش
ہمہ جمعیت است آشفتہ حالی

ایضاً

والشمس رودیداد رخ رشک ماہ تو ‏ واللیل سرگذشت ز زلف سیاہ تو
گردون زمین دعوتش برین تکیہ گاہ تو ‏ اہی خوبہاے نافہ چین خاک راہ تو

خورشید سایہ پرور طرف کلاہ تو

گل کا کہین چمن مین زیادہ ہی احتشام
دیکھین کہان تلک یہہ تصنع تری غلام

بلبل ہزار جان سے کہین گرم اہتمام
نرگس کرشمہ می پروا ز حد برون حرام

اے جان فدای شیوۂ چشم سیاہ تو

خالق کا تو حبیب ہی مخلوق کا نبی
لولاک کی مراد سے واقف ہی آدمی

اللہ ری تیری شان کہ دیکھی نہ یہہ سنی
آرام خواب خلق جہان راسبب توئی

زان شد کنار دیدہ و دل تکیہ گاہ تو

رخ جانتی ہین ماہ شب چاردہ کو ہم
ہوتا نہین ہی شوق کسی شکل سی بھی کم

اور کہکشان کو کہتی ہین گیسو کا پیچ و خم
یا ہر ستارہ سرو کار است ہر شبنم

از حسرت فروغ رخ ہمچو ماہ تو

کہولے ہوی زبان ہین ستمگر لیے گزند
اور ہم کہ پاشکستہ تہی دست مستمند

رہتی نہین ہین لوگ زبردستیون سی بند
یاران ہم نشین ہمہ از ہم جدا شوند

ما ایم و آستانۂ دولت پناہ تو

ہنگامہ نشور ظہور شکست و بست
بندہ ہی اور مسودۂ نعتیہ بدست

وہ ہی کہ حوصلہ کرے ہر آدمی کا پست
فردای روز حشر کہ عرض شفاعت است

باشد دران میان بمن افتد نگاہ تو

ایضاً

ای رسول عربی ملت حق کے بانی

ای سلیمان کن عز و شرف سلمانی

ابرو بات ہی ہر خاک کو تم سے پانی | جان فدای تو کہ ہم جانے وہم جانانے

ہر کہ شد خاک درت رست ز سر گردانی

خواہش ہر وقدی شوق سمن اندامے | اور ہین جسکی تخیل ہین ہی اب تک خامی
کیا کہون سخت ہی بے چینی و بے آرامی | بے تو آرام گرفتن بود از ناکامی

با تو گستاخ نشستن بود از حیرانی

بل بے ہم چاہنے والے ہین کسی گیسو کے | ایسا سرمایہ ملے بندہ کو اور خالق دے
اللہ اللہ یہہ دل بستگیون کی ہیندی | در خم زلف تو دیدم دل خود را روزی

گفتمش چو بنے ہیون ہیرہی اے زندانے

دل پر شوق مرا اور یہہ دل اور یہ سخن | دل من داند و من دانم و داند دل من
جانکر مجکو دل از دست پر فتنہ ہمہ تن | فاش کردند رقیبان تو سر دل من

چند پوشیدہ بماند خبر پیتلے

ان خیالات فلک سیر کے کچھہ حد بھی تہا | ہم کجا اور رہ رخسر و آفاق کجا
اب آنور ملائک کی یہہ آتی تھی صدا | با ستی حد تو حافظ نبود صحبت ما

بس اگر بر سر آن کوی کنی سگ بانے

ایضاً

مدینہ بائدم کو از جہان بہ | خدیو اور جملہ مرسلان بہ
تہ عنبت بہ نہ گلزار جنان بہ | وصال او ز عمر جاودان بہ

خداوندا مرا آن دہ کہ آن بہ

مدینہ حق تعالے جس سے بشاش
مدینہ تک پہنچ جاون مین ایکاش
مدینہ ہے خطا پوش و عطا پاش
دلا دائم گدائے کوی او باش
بحکم آنکہ دولت جاودان بہ

خیال رخ مین دن ہی عید اضحی
جہان کے رطب و یابس سی ہمین کیا
سر گیسو ہی رانون کا وظیفہ
بجلدم زاہدا دعوت مفرما
کہ این سب زنخ زان بوستان بہ

ہمین درکار کب ہی دولت و زر
طریق اپنا بنا ہین بندہ پرور
نیا کب چاہتے ہین ہم سکندر
بداغ بندگی مردن بدین در
بجان او کہ از ملک جہان بہ

مدینہ کا وہ دلکش جانفزا دشت
وہ محبوب الہی کی وہان گشت
وہ ہر سو سایہ گستر لطف ہر ہشت
گلے کو پایمال سرو ماگشت
بو و خاکش زخون ارغوان بہ

مجھے دق کر رہی ہین کسل جاوید
نہ مین کی ہون نہ دارا ہون نہ جمشید
مجھے موہوم ہی صحت کی امید
خدا را از طبیب من بپرسید
کہ آخر کے شود این ناتوان بہ

کہان ہی کوئی حافظ سا سخن ور
سخا حافظ کا قائل ہے مقرر
وہ ملاح حبیب حق ہے اکثر
سخن اندر دہان دوست گوہر
ولیکن گفتہ حافظ ازان بہ

سخا بھی مثل حافظ ہے سخنور
سخا بھی ہے محمد کا ثنا گر

اگر حافظ کا قائل ہے مقرر — سخن اندر دہان دوست گوہر
ولیکن گفتہ حافظ ازان بہ

خمسہ بر غزل کافی

ایکدن گردش سی یہہ چرخ کہن رہجائیگا — اک نئی صورتکا نقشہ دفعتاً رہجائیگا
ارض ساکن اور نہ دریا قطرہ زن رہجائیگا — کوئی گل باقی رہیگا نے چمن رہجائیگا
پر رسول اللہ کا دین حسن رہجائیگا

ایک صورت پر نہیں رہنی کے یہہ لیل و نہار — آج ہی ثروت کسیکو کل ہی کوئی تاجدار
ہمنے یہہ مانا کہ دنیا رنگ بدلیگی ہزار — انقلاب دور گو دنیا مین ہوگا لاکھ بار
سکہ دین نبیؐ کا پر چلن رہجائیگا

ہر کسیکو کب موافق رہ سکے ہین دن یہان — نام ور گذرے ہین کتنے ای محاسب گن یہان
بن نہین پڑتی کسی نقشہ کو بگڑے بن یہان — نام شاہان جہان ہٹ جائینگے لیکن یہان
حشر تک نام و نشان پنجتن رہجائیگا

جو رہیگا آستان پاک پر صرف سجود — جو کہیگا یا رسول اللہ علی راس الشہود
جو سنیگا یا سنائیگا کمالات درود — جو پڑہیگا صاحب لولاک کی اوپر درود
آگ سے محفوظ اوسکا تن بدن رہجائیگا

چاہیئے انسان کو وسی حب محبوب خدا — راتدن کا ہو وظیفہ یا محمد مصطفے
عشق گل کیا اور چمن کیا۔ اور اوسکی سیر کیا — ہمصفیر و کوئی دم کا باغین ہے چہچہا
بلبلین اوڑ جائینگی خالی چمن رہجائیگا

مین ہون اور کب سے مدینہ کی ہے مجکو جستجو
پنجگانہ پڑھ لیا کرتے ہین خواہش کا وضو
روز ہوتے ہین ارادے روز ہوتے ہین وضو
یا الہی کر نباہی مین نے اپنی آرزو

دست حسرت سینہ پر زیر کفن رہجائیگا

مدحت محبوب حق ہے ای سخا دہ پر نمک
گر لکھا ہے تو اسے جوہر کو ہے بے ریب و شک
شور ہے جسکا زمانہ مین سما سے تا سمک
سب فنا ہوجائینگے کافی لیکن حشر تک

نعت حضرت کا زبانون پر سخن رہجائیگا

خمسہ بر غزل امیر

کاش مہلت ہو دم بازپسین تھوڑی سی
اپنی امید ہے ایعرش نشین تھوڑی سی
عرض کرلون ہوس جان حزین تھوڑی سی
چاہیے مجھپر عنایت شہ دین تھوڑی سی

دیجیے قبر کو یثرب مین زمین تھوڑی سی

سر و را شوق دلی کی نہ ہمارے ہٹ جاے
درد دوری مدینہ نہ کسی کروٹ جائے
زور شبدیز تصور کا دہان سر پٹ جاے
آرزو ہے کہ غیبت مین تمہارے کٹ جاے

عمر باقی ہے جو ای خسرو دین تھوڑی سی

جمع کیون کرتے ہین تکفین کا اتنا اسباب
چاہیے مجکو نہ کافور نہ صندل نہ گلاب
مین تو اک محو تمنائے مدینہ ہون جناب
ہے وصیت کہ کفن مین مرے رکھدین احباب

خاک روضہ کی جو ملجاے کہین تھوڑی سی

تازگی بخش تصور ہے ہوا سدرہ کے
دل عقیدت سے ہٹا ہے نہ طبیعت بہکی
روز افزون ہے محبت رخ رشک مہ کی
رغم مین اپنی ہے یہہ بات کہ الفت شہ کی

ہم بہت رکہتی ہین جبریل امین تہوڑیسی

ہی تقاضاے تمنا کہ مدینہ کو چلون
دن بہرین گرد اگر روضۂ اقدس کے بہرون
مدتونسی میری نیت ہین ہی الیشوق درون
سنگ در آپکا ملجاے تو سجدہ یہہ کرون

سودہ ہو کر میری رہجاے جبین تہوڑیسی

دونون عالم کے شہنشاہ فلک سیر نبی
واہ رے ہاشمی و مطلبی و مدنی
عمر بہر عیش و لذاید پہ توجہ ہی نکی
سیر تہی نعمت دنیا سے طبیعت ایسی

کہ غذا آپ کی تہی نان جوین تہوڑیسی

ہو اگر خامہ پرگو ہی وسیع التقریر
ہو اگر آج طبیعت ہی سبکتا چرخ مسیر
مختصر عرض ہو دکہلاے ولیکن تاثیر
طول کیا دون کہ میری طبع یہہ کہتی ہی امیر

شعر تہوڑےسے کہو ہے یہہ نہین تہوڑیسی

خمسہ بر سلام مونس

تلاش کرنے سے کہتے کہ کیا نہین ملتا
مگر مسافر راہ فنا نہین ملتا
کبھی کسیکو اجل سے ملا نہین ملتا
سلامی جادہ ملک بقا نہین ملتا

مسافران عدم کا پتا نہین ملتا

کہان ہو ناز کے پالی ہوی حشم والو
کدہر ہو آج پری پیکر و نعم والو
خرام ہوش ربا والو طرفہ رم والو
کدہر تلاش کرین تمکو ای عدم والو

کہان گئے کہ کہین نقش پا نہین ملتا

قبول چاہتے ہو کاش ہر دعا سے ملے
حصول مد نظر ہے کہ مدعا سے ملے

جو مصطفیٰ کی اطاعت کرے خدا سے ملے ‌ ‌ علی سے راہ رکھے جو وہ مصطفیٰ سے ملے

کہ بے وزیر ملے بادشاہ نہیں ملتا

تو نگرون کو زر و مال پر یہہ غرا ہے ‌ ‌ مآل اسکا سمجھتے نہیں ذرا کیا ہے
بتا تین ہم کہ وہ کیا شے عزیز ولہا ہے ‌ ‌ یہہ اوج فقر کی دولت کو جو نے بخشا ہے

کہ بادشاہ سے دماغ گدا نہیں ملتا

رہ ثواب ہے مومن کو کربلا کی راہ ‌ ‌ مس ضریح مبارک ہے افتخار جباہ
غم حسین مین رہنا خوشی ہے خاطر خواہ ‌ ‌ ٹپک کی چشم سے کہتا ہے اشک ماتم شاہ

صدف کو بھی یہہ در بے بہا نہیں ملتا

عدو کی فوج کا ہر غول غول دشتی ہے ‌ ‌ بہا نکا پیر و جوان دور خی گشتی ہے
کنارہ چاہ سے ایکجا نکو سر ستی ہے ‌ ‌ صدا یہہ آتی تھی حر کو کہ تو بہشتی ہے

خدا کی فوج مین تو بہا سے جا نہیں ملتا

خدا ہے عز و جل اور نبی خدا کا وزیر ‌ ‌ سمجھہ رہا ہے بخوبی حسین کی توقیر
حیات مین تھی مسیحا بیان دم تقریر ‌ ‌ گلا کٹا تو شفیع الامم ہوے شبیر

کسی شہید کو یہہ خونبہا نہیں ملتا

ہماری جان ہے گویا زبان اکبر مین ‌ ‌ مقدرات سے قم ہے بیان اکبر مین
رہا کیا ہون سدا مدح خوان اکبر مینا ‌ ‌ لبون پہ دم ہے ثنا ہے دہان اکبر مین

سراغ چشمہ آب بقا نہیں ملتا

مکان ہنر کا تو ذہن رسا نے ڈہونڈھ لیا ‌ ‌ محل نظر کا تو ذہن رسا نے ڈہونڈھ لیا
خیال سر کا تو ذہن رسا نے ڈہونڈھ لیا ‌ ‌ نشان کمر کا تو ذہن رسا نے ڈہونڈھ لیا

مگر طلسم دہانکا پتا نہیں ملتا

وفور شوق تمنائے خلد سبز لباس
نہ دلمین کثرت فوج عدو کا کچھ وسواس
خطر ہے دور شہنشاہ کربلا کی پاس
علم لیے ہوی کاندہی پہ حضرت عباسؑ

یہہ اوج تجھکو کبھی ای ہما نہیں ملتا

یہہ ابتدا غم و ہم مین کہتے تھے قاسم
کھڑے ہوی یہہ صف غم مین کہتی تھے قاسم
شروع ماہ محرم مین کہتے تھے قاسم
بہگا دین فوج کو اقدم مین کہتے تھے قاسم

پہ کیا کرین ہمین حکم وغا نہیں ملتا

مآل مرثیہ خوانی کا عین رقت ہے
غم حسینؑ کا اظہار واجبیت ہے
نتیجہ تعزیہ داری کا بس محبت ہے
بکا سے بزم غم شاہدین کی زینت ہے

جو یہہ نہو تو عزا کا مزا نہیں ملتا

غضب کہ بے خور و بیخواب ہون کئی دنسے
مین ہون کہ پارہ سیماب ہون کئی دنسے
بلا کی ماہی بے آب ہون کئی دن سے
سکینہ کہتی تھی بے آب ہون کئی دنسے

مرا غریب پدر را خدا نہیں ملتا

جہان کہ چرخ پہ روح الامین پہنچتے ہین
سخا مراد کو لیکن کہین پہنچتے ہین
سبھی بقصور اہل زمین پہنچتے ہین +
مزار شاہ پہ جب تک نہین پہنچتے ہین

ریاض خلد کا مونس پتا نہیں ملتا

خمسہ بر سلام انیس

کیا ہے آینہ حق نے ہماری سینون کو
ملی ہین صاف الوالعظمیان دنینون کو

خطا معاف سنا دو یہہ نکتہ چینوں کو
سدا ہی فکر ترقی بلند بینوں کو
ہم آسمان سے لائی ہیں ان زمینونکو

شرف تھا جن سے کہ یثرب کی گل حسینونکو
فلک بناتے تھے رفتار سے زمینونکو
گلاب کہتے تھے جنکے بشر پسینونکو
لحد میں سوتے ہیں چھوڑا ہی شہ نشینونکو
کہاں کہاں سے اجل لے گئی مکینوں کو

خدا کے شیر کو اور انکے یہہ حبیبوں کو
سنینگے ہم سے سنا دو یہہ خام دینونکو
کہیں مراد محب الجمال تینوں کو
تڑپیں دردو نکیوں دیکھکر حسینونکو
خیال صنعت صانع ہی پاک بینونکو

محمد عربی حق پسند حق آئین
یہہ انبیاء سلف کو ملی ہی شان کہیں
کہ اونکے فیض قدم سی فلک ہی اور زمین
وہ دین حق ہی ہمارے نبی کا دین متین
کہ جس نے کردیا منسوخ سارے دینونکو

ادای بندگی خوب ہے زندگی کا ثمر ❊
اجل کب آئیگی ہاں نہیں کسیکو خبر
کہاں ہی آج سلیمان کہاں ہی اسکندر
زوال طاقت و ہوے سفید و ضعف بصر
ان ہی سے پائی بشر ہوتے کے قرینوں کو

جناب شبر و شبیر رونق دارین ❊
صغیر سن سی ہی عظمت تھی اونکی واجب عین
نبی کی راحت جان فاطمہ کی جانکے چین
یہہ غل تھا مہر نبوت پہ جب چڑہی حسنین
کہ دوست کہتا ہی اللہ بھی حسینوں کو

نگاہ جب کہ زمانہ کی حال پر آئے
اگرچہ آج مہیا ہے بزم آرائی
حیات اپنی ہی اک غیر منتقل پائی
نظر میں پھرتی ہی وہ تیرگی وہ تنہائی

لحد کی خاک ہی سرمہ مآل بتون کو

فضول شے ہی سنا دید و شہ نشین کا عشق
زمین نقص ہے ہر ایک مہ جبین کا عشق
عبث ہی کجکلہ و ننگ آستین کا عشق
بشر کو چاہیے دنیا مین اوس حسین کا عشق

کہ جس نے خلق مین پیدا کیا حسینونکو

کسی حسین کی شیرانہ جرأتون مین ہی شک
دکہا نا صبر کا مدنظر رہا اب تک
زمین دکہائین بلائی جو آنکہہ ترک فلک
دکہائی تیغ یداللہ کی ساعدون نے چمک

علی کے شیر نے اولٹا جو آستینون

ہر ایک فرقہ ناری ہے سر دمیدان مین
ردیف موت سی ہے فرد فرد میدان مین
رخ گروہ مخالف ہی زرد میدان مین
حسین جاتے ہین پہر نبرد میدان مین

چڑہائی مثل یداللہ آستینونکو

سخا ضرور ہی ذی قدرت کو بذل و کرم
گناہ دل شکنی کا بھی کچھ نہین ہی کم
زیادہ مرتبہ جس مرتبہ ہو کم ہو نہ ہم
خیال خاطر احباب چاہیے ہر دم

انیس ٹھیس نہ لگجائی آبگینون کو

خمسہ بر غزل حافظ

کب تک یہہ علیحدہ ہی اور ذلت و رسوائی
یہہ ایک شیدائی اور معرکہ آرائی +
رخصت کیلئے حاضر کب تک ہی توانائی +
ای بادشہ خوبان داد از غم تنہائی

دل بے تو بجان آمد وقت است کہ باز آئی

خونریزی کہون کس سے کیفیت بد نامی
تقدیر مین ہا ہے گردش تدبیر مین ہے خامی

دنیامین نہ پرسان ہی اپنا نہ کوئی حامی | ای درد تو ام درمان در بستر ناکامی
دی یاد تو ام مونس در گوشہ تنہائی

ای باعث ہر خلقت ای فخر نبی آدم | ای ہر شدنی کی ہر راز کے ای محرم
تجھہ ایسا ترا آقا جب ہی تو مجھے کیا غم | در دائرہ قسمت ما نقطہ تسلیم
لطف انچہ تو اندیشی حکم انچہ تو فرمائی

آمی تھی بلا سر پہ مانا کہ بیرے بیحد | گیسوی مبارک کی صدقہ سے ہوی سب رد
کام آی سخا آخر وارفتگے خوش قد | حافظ شب ہجران شد بوی خوش یار آمد
شادیت مبارک باد ای عاشق شیدائی

ایضاً

یہان ہیہ ضعف اور شکستہ پائی | وہان وہ شغل قوت آزمائی
دوہائی ہے دوہائی ہی دوہائی | الم تسمع بفضلک یا سنائی
دعاء من ضعیف مبتلائی

بھنور مین اپنی کشتی کا ہے مسکن | غضب ہی ناخدا تک بھی ہی دشمن
خدایا یک نظر بہر دو مامن | غریق فی بحور الغم حزنا
اسیر با الذنوب والخطائی

کری تدبیر بندہ رات اور دن | نہ بن آئے مگر تیرے کرم بن
گروہ عاجزون کے ای معاون | انادی بالتضرع کل یوم
مجدا با التبل والدعائی

کہاں مین اور کہان اعدا کی ان بن
خدایا ہے تجہے سب حال روشن
ہوی مین بیٹھے بٹھای لوگ دشمن
لقد ضاقت علی الارض طراً

واہل الارض باعر عودوا لی

ہوی مین تیرہے ہمکو یقین
الہی تو میری فریاد کو سن
ہماری چٹکیان لینے کو ناحق
محدبیدی فانی مستجبراً

بعفوک یا کریم و یا رجائی

یہہ زاری یا الہی روز شب کی
تسلی بخش ہو گی مضطرب کی
یہہ آہ سرد آفت کی غضب کی
سنا بکی حسرتا دمعی دوا بکی

اذا لم یبق من دمعی دوائی

ہوا پہر آج کل چلتی ہی سمی
نہ ساتھ اپنے کوئی جسدی نعمی
ہوی کیفیت دل یاہر نکمی
وسلے ہم وانت اسم ہمی

وسلے دائہ وانت دوار دائی

یہہ مانا بچپنے سے تا بہ این سن
بگڑتی ہی ہماری بات تجہہ بن
خطا کاری مین گذری رات اور دن
جزای ان تعذبنی د لکن

اعوذ بحسن عفوک من جزائی

ہوئی مجہپر یورش جب فوج غم کی
وہی ہے پہر مجہے امیدواری
طمانیت الہی تو نے بخشی
والیقظنی الرجا فقلت ربی

رجائی ان تحقیقلی رجائی

قسم تجکو محمد مصطفےٰ کی
اور اونکے لاڈلون کی تا صحابی

سخا ما ناکہ ہے صرف معاصی — تفضل سیدی بالعفو عنی
خافی من بلاء فی بلائی

خمسہ بر غزل ناسخ

نظارت ہی کبھی سی نام اپنی شوق کی بدکا
نہ طالب اوسطلب کا نہ خواہان اور مقصد کا
تصور کو ہی دورہ دیر سی چرخ زبرجد کا
دکھا اوسکو جہانمین غل ہی جسکی آمد آمد کا
الہی ہون بہت مشتاق دیدار محمدؐ کا

بنا دی گل ہوا خواہونکا خار مدعا یارب
رہین ہم غنچہ خاطر باغبونمین تا کجا یارب
دکھا دی گلبن امید کو نشو و نما یارب
بہار گلشن دین محمد اب دکھا یارب
ترصد بلبل دلکو ہی فصل گل کی آمد کا

کیا طی اوس لے نام حاتم طی کو سخاوت مین
مجسم ہر صفت کا ہی کرون کیا اوسکی مدحت مین
مقابل اوسکی رستم ہو نہین سکتا شجاعت مین
شجاعت مین کرم مین عدلمین جلوہ نمین سیرت مین
امام آخری ہی مثل اپنی جد امجد کا

بلا شک بی شبہہ علم الہی کا وہ ہے مظہر
جہانکو علم ہے اسکا عیان عالم یہ ہی یکسر
بظاہر گو نہ قائل ہو بشر کوئی بہ راہ شر
عبور اللہ نے اوسکو دیا ہے علم باطن پر
لیا ہے جند ظاہر مین نہ درس اک حرف ابجد کا

نظر آئی نہ قلب قلب کی اوسکو کجی کیونکر
بجا لے دوست دشمن کو امام ابن علی کیونکر
نگاہ راست بین مین ہو نہ قلب اشرفی کیونکر
نفاق اوس سے نہان کیا ہو چھپی شرک خفی کیونکر
محک ہی اوسکا سنگ آستانہ نیک و بد کا

بشر کو ہمسری کب ہی امام دو اتم سے
فلک ہوگی زمین جسدن تیرے شبدیز کے سم سے
جلا سکتے ہو مردہ کو ابھی اک نعرہ قم سے
مسیحا بھی معیت آیگا چرخ چہارم سے
نہین ہوسکی ہی کم رتبہ تیری جلوہ کی نجود کا

زبردستو نسی ہی بدیست دیا آرام پلے گا
چڑا شاہین کی چنگال مین جلہ اوڑ ائیگا
کوئی ظالم نہ پہر مظلوم کو ہر گز ستائیگا
جو نزدیک او س سلیمان زمان کا دور آئیگا
بیابان نو نمین ہوگا ایک مسکن دام اور دد کا

تیری مدحت مین قاصر ہین کتب کی جو مصنف ہین
یہہ کہتی ہین زبان حال سے جو لوگ منصف ہین
تیری توصیف مین عاجز ہین اور ذوالعلم خائف ہین
خدا تیرا معرف ہی ملک تیری موصف ہین
نہین حد شمر گننا تیری اوصاف بیحد کا

جفای چرخ نیلی سے عجب اندہیر برپا ہے
رہینگے ہور دنا مہربانی انس وجان تا کے
زمانہ عدل سے خالی ہی پر آشوب ہی ہر شے
بنا ای مہر تابان قصر یاقوت اپنی جلوہ سے
سیہ خانہ نظر آتا ہی یہہ گنبد زبرجد کا

عطا کی تیری جد لے آبرو یونس کو دریا مین
سراپا بس وہی طاقت ہی تیری بھی سراپا مین
چھوڑا یا شیر حق نی شیر سی سلمان کو صحرا مین
گرانے رکن دین یاجوج ماجوج آکے دنیا مین
جو پشتیبان تو ہوتا نہ ذوالقرنین کی سد کا

تراجو جو مسلمان ہی زمین پر مقتدی ہوگا
ملایک کا جدا ہی ایک لشکر مقتدی ہوگا
زمانہ آپکا اللہ اکبر مقتدی ہوگا
نمازون مین مسیحا سا پیغمبر مقتدی ہوگا
وہی رتبہ ہی تیرا بھی جو رتبہ تہا تیری جد کا

جہانمین ایسی صاحب فضل ہوتے ہین بہت ہی کم
خدا کی علم سے واقف خدا کے راز سی محرم

جو ہوتے ایک دو خوبی تو کہہ سکتے بخوبی ہم | بہر انجمن ہے یہ حق نے علم رطب و یابس عالم
کہ جلد و جسم کو رتبہ ہی قرآن مجلد کا

فریق باطلہ کو حاصل پند و نصیحت کیا | طریق حق کا ہو پیرو گروہ اہل بدعت گیا
اشارہ بس ہی عاقل کو کروں اسمیں طوالت کیا | جو کندہ ناتراشیدہ ہیں اونکو فیض صحبت کیا
سوا اسکے کہ پایا مرتبہ چوب سند کا

تیری شیلہ بیانی کا نہیں ہوتا بیان ناسخ | جزاک اللہ تو کس شاہ کا ہی مدح خوان ناسخ
سخا کو بس تیرا یہ شعر ہے ورد زبان ناسخ | معانی قل ہو اللہ احد کی ہیں عیان ناسخ
برای قافیہ باندہا ہی میں نے میم احمد کا

ایضاً

پریشان حال ہی ہر دم ہمارا | عدم جمعیت خاطر نے مارا
کہیں کس سے کہ کیونکر ہو گذارا | الٰہی تو بگردانے بلا را
ز آفت ہا نگہ داری تو مارا

برائے زور بازوے محمدؐ | برائے ہر دو گلوے محمدؐ
خداوندا بہر موے محمدؐ | بہ حق ہر دو گیسوے محمدؐ
زبون گردان زبردستان مارا

ایضاً

نشتین کین صاحب شمشیر سے | پیش آئے عاجزانہ زیر سے

ساری تدبیرون سی ہو کر سیر سے　　راہ تکتے ہین ہم اوسکی دیر سے
جس نے سلمان کو چھوڑا یا شیر سے

ایضاً

عدوے دین کیلیئے موت ہی حسام علےؑ　　محب کو کرتا ہے جان بخشیان کلام علیؑ
سخا ہی بندہ جود و عطاے عام علیؑ　　علیؑ امام منست و منم غلام علیؑ
ہزار جان گرامی فداے نام علیؑ

خدا کا قرب ہی اللہ رے مقام علیؑ　　فضاے عرش معلے ہی زیب بام علیؑ
بڑھا ہوا ہے آتیہ سے احتشام علیؑ　　علےؑ امام منست و منم غلام علیؑ
ہزار جان گرامی فداے نام علیؑ

خدا کا نام ہے ورد علی الدوام علیؑ　　علی ہے اور ولایت مین انتظام علیؑ
عجیب شان کا نام خدا ہی نام علیؑ　　علیؑ امام منست و منم غلام علیؑ
ہزار جان گرامی فداے نام علیؑ

ایضاً

ای خداوندا سمیع و بصیر　　ایجہان بادشاہ عرش سریر
تو غفور اور مین پُر از تقصیر　　من نگویم کہ طاعتم بہ پذیر
قلم عفو بر گناہم کش

ایضاً

تمہارا دست تنگ ہے میان فرقہ چیست
رہیگا تا یکجا حال اپنا عیب درست

حزین ملول تر و دشعار غمگین سست
کشود کار دو عالم بیک اشارہ تست

بکار ما چہ در تنگ است یا علی مددے

مخمسہ بر غزل حافظ

مسلم کو کوفیوں نے عجب بیگناہ مارا
منہ کرگئے سوے یثرب کس پاس سے پکارا

سبط نبی کا بھائی خیبر شکن کا پیارا
دل می رود ز دستم صاحب دلا خدارا

دردا کہ راز پنہان خواہد شد آشکارا

بہر رضاے حاکم ہر دون فتنہ انگیز
طغیانئے ستم ہین مسلم ہے یون گھیر رہیں

اب سنان کو دونا کرتا ہے زہر آمیز
کشتی شکستگانیم اے باد شرطہ برخیز

باشد کہ باز بینم آن یار آشنا را

ملمع

زیب براق برق بابلغ العلا بکمالہ
حسنش خصائل انبیا حسنت جمیع خصالہ

زینت وہ ارض وسما کشف الدجا بجمالہ
یعنی محمد مصطفٰے صلو علیہ و آلہ

ولہ

مصداق مضمون لما بلغ العلا بکمالہ
تحسین طلب ہر ہر ادا حسنت جمیع خصالہ

مفتاح سر انما کشف الدجا بجمالہ
یعنی محمد مصطفٰے صلو علیہ و آلہ

ولہ

تبلیغ احکام خدا بلغ العلا بکمالہ — تصدیق کو کشف الغطا کشف الدجا بجمالہ
تخلیص دیوان قضا حسنت جمیع خصالہ — یعنی محمد مصطفے صلوا علیہ وآلہ

ولہ

مخدوم جبریل امین بلغ العلا بکمالہ — محبوب رب العالمین کشف الدجا بجمالہ
پشت و پناہ اہل دین حسنت جمیع خصالہ — یعنی کہ ختم المرسلین صلوا علیہ وآلہ

قطعات

الف لایق الف سرہ درود — فدا حاء حطی کے ہم حال پر
کیئے عین خالق نے روز ازل — بہت صاد اس میم پر دال پر

ولہ

سر نام عظمت یہ ہی عین دال — اگر لام اسلام مشہور ہے
پے صاد ہی یاء تحتانیہ — یہ ہر حرف نور علی نور ہے

ولہ

حاء حطی ہے اگر قابل صاد — سین ہی عین سردار سلام
یاے تحتانیہ اور نون اخیر — دال یکتائی یہ ہے واہ رہی نام

ولہ

واہ رہی نام مبارک کی حروف — ایک سی ایک زیادہ ہی حسین
حرف اول قلم انداز کرو — اور لکھو عین حروف تحسین

ولہ

آپکے نام سے تجنیس خطی ہے آقا
لطف اس نام کا محبوب خدا کہتے تھے
حسن کو بہر نمایش ہے ہلی وجہہ حسن
دل من داند و من دانم و داند دل من

ولہ

آرزوی شرکت بزم عزا
یا حسین ابن علی جان بتول
لیجلے ہم کو چھوڑا کر کام سے
ہم رہین محفوظ ہر الزام سے

ولہ

نہین ہم منکر شان نکیرین
سنا دینگے کیئ ہین جو کہ ہو رون
کرینگے کاش استفسار ہم سے
تنا ہنجتین ہین ہم نے ثمنکے

ولہ

کیون صبح شام حالت گردون خوچکان
ظاہر ہے جب سی معرکہ کربلا ہوا
کیون انتقال اختر دنبالہ دار ہے
اختر ہی بیقرار فلک سوگوار ہے

ولہ

یہان جاگا کیے جو یاد حق مین
قضا کرنا نماز صبح اکثر
بڑے راحت سے سوئنگے لحد مین
نہایت سخت دکھلا یگا صد مین

ولہ

المدد اے ضعف کی حامی
ناتوانی ہے غضب روز و نیبر
ای مسیحائے مسیحا مدد دے
الخداوند توانا مدد دے

رباعیات

ہے ماہ سے شان تا بہ ماہی تیری
دی ہمکو زبان تاکہ گویائی دی
اللہ اللہ بادشاہی تیری
کس منہ سے ہو حمد یا الٰہی تیری

ولہ

جو آنکھ کہ حق بین نہی کور ہی وہ
انسان نہو لب پہ جسکے شکر خدا
جو یادن نہو راہ پہ گمرہی وہ
زندہ کہنی کو ہی لب گور ہے وہ

ولہ

محبوب الٰہی کا برادر ہے علیؑ
اس نام کی جو کہی صفت زیبا ہے
ہی علم کا گہر شہر نبی در ہی علیؑ
اسمائے صفاتی مین مقرر ہی علیؑ

ولہ

ظاہر ہے علو اعتلای حیدرؑ
معلوم انا مدینۃ العلم سی ہے
روشن ہی شکوہ پر ضیای حیدرؑ
در علم کا کون ہی سوائے حیدرؑ

ولہ

سلطان شوکت ہی ہر گدای حیدرؑ
پائیگا سخا بھی خاص مطلب اپنا
اکسیر صفت ہی خاک پای حیدرؑ
ہی عام سخاوت و عطای حیدرؑ

ولہ

آنکھون کی امید ہی لقای حیدرؑ
یارب در حیدر ہو سخا دربان ہو
کانون کی مراد ہی صدای حیدرؑ
از بہر رسول واز برای حیدرؑ

ولہ

واجب ہی مسلمان پہ ولای حیدرؑ
مومن پہ ہی فرض اقتدای حیدرؑ

فردوس مدیح کا صلہ ہے اوسکی — خامہ کو ضرور ہے ثنائے حیدر

ولہ

اشرف اولاد آدم ہے بتول — افضل حوا و مریم ہے بتول
محترم ہے صورت ام الکتاب — مصحف ناطق کی ہمدم ہے بتول

ولہ

ماورائے دو جہان ہے فاطمہ — وہم کب پہونچے جہان ہے فاطمہ
حشر میں ہر ایک عاصی کے لیے — باعث امن و امان ہے فاطمہ

ولہ

کیا سنتے ہما ہے ظل ولایت مآب ہی — کیا کیمیا ہے خاک در بوتراب ہی
عنقا ہے کسکا نام فضائل ہیں آپکے — کہتے ہیں کسکو عرش علی کی جناب ہے

ولہ

مقدار حبہ حب علی گنج وافر است — راه ولایش خضر مقیم و مسافر است
حافظ که گفت گفته ما را گواه شد — در هر دلی که حب علی نیست کافر است

ولہ

حب علی وسیلہ دنیا و محشر است — برگشته اش خلاف خدا و پیمبر است
خوش گفت هر که گفت پسندیده میکنم — در هر دل که حب علی نیست کافر است

ولہ

اعدا کے ستم اوٹھائیں بیٹھے — حضرت ہندوستان میں نا کے
آقا سے کہیں کہ داد بیداد — دل میں آتا ہے آج جا کے

قطعات دیگر

دل کا ہیری ناک مین کیا دم | ہر ذرہ کی خواہش دلی نے
کس شکل سے دیکھئے رخ پاک | کس راہ سے جاہئے مدینے

ولہ

یا عبادی مین تو محسوب ہین ہم | کیون نہ دو ہی یہہ ذرات ہمین
کچھ تعجب ہے کہ جو ہم چاہین ؟ | دیدی قاضی الحاجات ہمین

ولہ

اعمال ظاہری پہ سخا کی نظر ہی کیون | مانا گناہگار بھی ہی ہرزہ خو بھی ہی
حضرت کا گر عمل ہی کلام مجید پر | اللہ کا کلام ولاتقنطو بھی ہے

ولہ

ہاتھہ آجاے حیات جاوید | اس تمنا مین اگر مر جائین
آستانہ کی زیارت ہو نصیب | تا در ساقی کوثر جائین

ولہ

مدتون سے ہم ہین اور اپنی دعا | یا الہ العالمین تاثیر ہو
خواہش زر ہے نہ دولت کی ہوس | سر ہو اور خاک در شبیر ہو

ولہ

یہہ تمنا ہے سخا اپنی دعا | دخل پاے گر کہین تاثیر تک
یون کرین عمر دو روزہ کو بسر | سر سے جائین روضۂ شبیر تک

ولہ

ہو کاش وہان تلک رسائی ۔۔۔ کیا لطف سے زندگی بسر ہو
آرام مین فرق ہی نہ آئے ۔۔۔ سنگ در شاہ ہو یہہ سر ہو

ولہ

ماتم سبط پیمبر مین سخا ۔۔۔ آدمی کیا کہ ملک روتے ہین
آدمی اور ملائک یکسو ۔۔۔ آج دیکہا کہ فلک روتے ہین

قصیدہ در مدح جناب امیر علیہ السلام

کفر ہے اوس سے بغاوت کفر ہی ۔۔۔ جو اشدّاء علی الکفار ہی
قائل قرآن کو کس راہ سے ۔۔۔ شان اوسکی قاتل الکفار ہی
سر بسر جسکی رفاقت منصفو ۔۔۔ ثانی اثنین سے اظہار ہی
صورت شک اور اوسکی شان مین ۔۔۔ جامع قرآن ہے خوش اطوار ہی
غالبیت اوسپہ کوئی پا سکے ۔۔۔ غالبًا جسکا لقب کرّار ہے
فی زمانہ ہو رہا ہے کیا طریق ۔۔۔ اک زمانہ ہے کہ کج رفتار ہی
کیسے کیسے طمطراق پر فریب ۔۔۔ کیسی کیسی مکر کی گفتار ہی
لے صحابہ خدمت اصحاب مین ۔۔۔ بد زبان ہر ایک بدکردار ہی
ایک پر کچہہ اہتمام بی فروغ ۔۔۔ ایک پر کچہہ تہمت بیکار ہی
ہای غفلت کا پردہ پڑ گیا ۔۔۔ آج کوئی بھی اولی الابصار ہی
چشم دل کو کہول کر دیکہے ذرا ۔۔۔ بہید کیا ہے اور کیا اسرار ہی

کیا کلام اللہ مین مرقوم ہے
سابقون الاولون سے جنہیں
کون ہے وہ جسکی خاطر ای شریر
کون ہے جسکے مہاجر ہم کہین
ثانی اثنین ہے کہنے کون ہے
کس کے حق مین الصحابی کالنجوم

کیا کلام احمد مختار ہی
کچھہ تجھے اے فرقہ اشرار ہی
یہہ کلام ایزد غفار ہے
کون ہے جو داخل انصار ہی
کیا ضمیر اذ ہما فی الغار ہے
بدزبانون داخل اخبار ہی

مثنویات

ای سخا یہہ درد رکھہ ہر صبح و شام
مدعا کرتا ہے سقر دن حصول
صنعت توشیح کا ہی اہتمام
ہی الف املای اول احمد کا
میم دکھلاتی ہے اقرا کا نزول
عین یکتائی الف سی ہی عیان
دال احمد صورت اعداد پر
پنجتن کا اور آیہ کا شعار
میم ہے جو داخل لفظ احد
معنی دین سے فرزدن ترمیم ہی
واجب التعظیم سمجھو آپ کو

حامد و محمود و احمد پر سلام
دسے یہہ کہنا اغثنی یا رسول
دوسری صورت سی اب تبلائین نام
حاے حطی حبز وہی الحمد کا
دال اسپر دال ہے تم ہو رسول
ابجد ہے حا، حطی کا بیان
دال ہے اصحاب کی تعداد پر
کل عدد سے نام کی ہی آشکار
ہی یہہ آغاز رسالت کی سند
ناسبق کے دین کی ترمیم ہی
احمد بے میم سمجھو آپ جسکو

پس یکے از نو نود ب کہتے رہو
راز دار لن ترانی آپ ہین
قاب اودنی رتبہ خدام ہی
معجزہ ہے آپ کی ہر بات ہین
قامت موزون سی دنیا ہون مثال
بارخت گل را برابر ہر کہ گفت
رخ ہے یا شان نزول والضحیٰ
مصحف رخسار کے ہمراہ ہی
کیا بھلا ابرو مین خم ہے دیکھی
زیر ابرو صف مژہ کی خوشنما
چشم وہ جسکی نگاہ پاک سے
ہی خط بینی جو رخ کے وسط پر
لب کلام حق کا گویا ایک ہی
ہر ادا رب کا حق مائل ہوا
وہ زبان کہنے کہ حق آگاہ ہی
کیا کہین دندان کو جز تحسین کی
کلام اللہ کے کل تینس ہین
واہ اے چاہ زنخدان واہ ہی
منکشف ہی سبزہ رخسار سے

قل ہو اللہ احد کہتے رہو
کنت کنزاً کے معانی آپ ہین
ماطفی خاک قدم کا نام ہی
سنگریزہ بولتے ہین ہاتھ مین
آج مین کرتا ہون طوبی کو نہال
من بگویم این گل دیگر شگفت
زلف ہی واللیل کا یا مدعا
نظر ابرو ہے کہ بسم اللہ ہے
عین محراب حرم ہے دیکھیے
وارکعو کا حکم کرتی ہے ادا
عرش بر آئین نظر ہم خاک سے
نصف قرآن کی نشانی ہے مگر
حضرت موسیٰ ہین اور لبیک ہی
یہان کلیم اللہ بھی قائل ہوا
وہ وہان الحمد کہنے کہ سر اللہ ہی
سین کی دندانہ ہین لیسین کے
بتیس ہین اور سی کہ یہ تینتیس ہین
چاہ زمزم کو بھی تیری پیاس ہی
ثبت ہی قرآن خط گلزار سے

وہ بیاض گردنِ معصوم ہے — نور کی صورت جہان مرقوم ہے

ہاتھ وہ پائے کہ اللہ الصمد — صاف عالی دستگاہی کی سند

اونگلیون کا کیا بیان کیجئے اثر — ایک اونگلی سے ہوا اشق القمر

مہر کا جلوہ ہے سینہ سے عیان — عطر کی بو ہے پسینہ سے عیان

ہی کمر بھی یا خطِ افواہ ہے — الغرض العلم عند اللہ ہے

ہے خطا نافہ کہین گر ناف کو — ہاتھ سے دین کس لیے انصاف کو

کعبہ گر نافِ زمین ہی ہو منو — ناف قبلہ ناف دین ہی مومنو

پشت پر مہر نبوت کی بہار — غیرت مہر خط نصف النہار

ہر قدم ظاہر ہے ہر پا سے قدیم — شان اہدنا الصراط المستقیم

وہ غرض سب صورتون سی خوب ہی — کیون نہو اللہ کا محبوب ہے

یا حبیب حضرتِ پروردگار — ناامیدی اور ترا امیدوار

یا جناب رحمۃ للعالمین — رحم کی لایق ہی یہ اندوہگین

عرض ہین ہر چند اپنی طول ہے — تو نگر اگ جوہر مقبول ہی

ہر دعا کا ہی ترے در تک گذر — ہی درِ دولت کا اک دربان اثر

آپکا خادم بہت بیتاب ہے — دل بعینہ پارہ سیماب ہی

خواب مین صورت مجھی دکھلائے — یا کسی صورت سے وہان بلوائی

دل بجان ہی چارہ سازی کیجئے — کیجئے بندہ نوازی کیجئے

عالم صد یاس اور بندہ ترا — خوف اور وسواس اور بندہ ترا

مین ہون اور تنہا اغثنی یا نبی — غیر اور تنہا اغثنی یا نبی

مین کہانتک کاہش قلبی کہون
یارسول اللہ اور کتنی کہون

مضطرب ہی محو بے بیچین ہے
تیرا بندہ اور عذاب دین ہے

اس بلا مین مبتلا کب تک رہی
مخمسہ یہہ تا بکجا کب تک رہے

جلد تر مشکل کشائی کیجیے
کیجیے حاجت روائی کیجیے

مدعی آمادہ پیکار ہے
ہائے اور بندہ تیرا نادار ہے

فتح ہاتھہ آنی تمہارے ہاتھہ ہی
ابرو پانی تمہارے ہاتھہ ہے

مستحق ہون اب بہر تقدیر مین
ہی تیری تصویر اس تحریر مین

کچھہ صلہ اسکا مجھے امداد ہو
عین مطلب ہی کہ اسپر صاد ہو

دور کیا ہے گر ہمارا التماس
آج ہی پونچے پذیرائی کی پاس

مہربانی ہو تو ذرہ مہر ہو
مبتذل تک انتخاب دہر ہو

ہو جیسے زیرہ کی دانہ کی طلب
دی اوسے تو ملک کرمان سب کا سب

آج ہی گو فکر گردون بس سخا
کیون زیادہ گوئیان ہین بس سخا

ہو وہی تعداد ان اشعار کی
عمر ہے جتنی میرے سرکار کی

ایضاً

یہہ ہرزہ درائیان سخا کیون
لب پر تیرے چون او رچرا کیون

خود داریون کا خیال کیسا
کیا تال ہے تو تال کیا

ہر چیز پہ دل نہ دفعتا دی
کچھہ سوچ سمجھہ خدا کے بندے

بندہ ہے وہی کہ بندگی مین
ہو خاص خلوص جسکے جی مین

دنیا کے امور سے علیحدہ
سرکاری و روزسے علیحدہ

تعمیل طلب ہی جانے کل امر
الحمد لب خلوص جو پر
کچھ بحث کبھی نہ فا غلو ہین +
یا حی ولا یموت پڑہنا
وحدانیت خدا کا قائل
احمد کو رسول حق سمجہنا
پابند صلواۃ پنجگانہ
چاہت ہین رسول حق کی جینا
مولود شریف روز کرنا
برتاو نمایشی نکو لی +
بہولے سے چلے نہ راہ کج پر
پورے روزونکا شوق رہنا
دولت پاکر زکوۃ دینا
عادت ہین مدام صبح خیزی
ہر حال ہین شاد حال رہنا
ہنگامہ مصائب زمانہ
نیکی و بدی نگاہ رکہنا
ہونا کچھہ کام یا نہونا +
سکے نہ کبھی مہوسی ... کو

اللہ رسول اور اولی الامر
نیت تعمیل وا رکعو پر
پانی کیفیت اک و ضو ہین
اور و تر بع القنوت پڑہنا
رہنا اسی مسئلہ پہ سائل
صلواہ کا مستحق سمجہنا
سرگرم درود جا و دانہ
رہنا متوجہ المدینہ
اس بزم کو دلفروز کرنا
ہر بات ہین خالصاً نکوئی
امادہ رہے ادائے حج پر
ہر روز خدا نوبت کہنا
کو نہ دستونکو بات دینا
اور ساتھہ دعا کے اشک ریزی
تشویش ہین ہستمال رہنا
انا للہ کا ترانہ +
چلتے پہرتے سے راہ رکہنا
منت کش اغنیا نہونا
گشتہ کرتی ہے آدمی .. کو

اوقات کو رایگان نکہونا ۔ بیہودہ نہ جاگنا نہ سونا
سالفے سے نہ رد و قدح کرنا ۔ ذم اور نہ کسی کی مدح کرنا
رہنا اور عیب پوش رہنا ۔ حتی الامکان خموش رہنا
ہو عجز جہان تلک غنی ہو ۔ قوت پاکر فروتنی ہو
راتون کو خدا کے یاد کرنا ۔ سونے پہ نہ اعتماد کرنا
گذرین ساعت ہون جتنی دمین ۔ بس صل علے محمد ہین

ایضاً

خزان کب تک ہی اور باغ تمنا ۔ الہی غنچہ امید بکشا
پہرون ہین تا کجا صحرا بصحرا ۔ گل از روضہ جاوید بنما
بخندان از لب آن غنچہ با غم ۔ وزین گل عطر سور کن دماغم
ہجوم درد غم اور ہم کہانتک ۔ کہانتک قبلہ عالم کہانتک
الہی چین دی خورسندگی دی ۔ ترا بندہ ہون شوق بندگی دی
الہی یاد مین اپنی بسر کر ۔ زمانہ سے فراموشی اثر کر
دعاے صبحگاہی مین اثر دی ۔ الہی مجکو ذی تاثیر کردے
رہے یارب مخل اپنا نکوئی ۔ نکوئی ہو نکوئی ہو نکوئی +
مجہے وہ خوش نصیبی دی خدایا ۔ کہ حاضر باش ہو اپنا پرایا
رہین ہم کاکل شبگون کہانتک ۔ رہین فکر روزافزون کہانتک
نہین القاب ہی کب تک ہمارا ۔ دہن سے تا بکے ہی استعارا
مجہے ناکامیون سی کام کب تک ۔ سخا مین از براے نام کب تک

سخاوت جس سے ظاہر ہو وہ پاؤن ۔ نہایت خوش رہون کہاؤن کہلاؤن

زبون گوئی سے نفرت ہو زبانکو ۔ زمین دکھلاے ہمت آسمان کو

الوالعظمی میری ہر کام مین ہو ۔ ارادہ فرد استحکام مین ہو

طبیعت کو توکل سے رہے ربط ۔ اگر غم ہو تو پیرا ہون صد ضبط

تفکر سے تردد سے رہا کر ۔ الہی تو مرا حامی رہا کر

ہوائے شوق کو لاؤن کہانسے ۔ تنفر ہے مجھے ہندوستان سے

دعائین کاش مقرون اثر ہون ۔ مدینہ اوڑکے جاؤن بال و پر ہون

جہان ہی فارغ البالی سے جینا ۔ مدینہ ہی مدینہ ہے مدینہ

مجھے وہ پاؤن ہاتھ آئیں الہی ۔ کہ راہ راستی پائین الہی

ملین وہ ہاتھ بس تیرے کرم سے ۔ کہ ہو داد و دہش کا نام ہم سے

مجھے آنکھین بھی وہ امداد ہووین ۔ کہ نظارون کی جنپر صاد ہووین

ہماری قلب کو صدق و صفا دے ۔ گذر گاہ حبیب حق بنا دے

محبت تیری ہر دم دلنشین ہو ۔ زبان پر لا احب الافلین ہو

مدینہ اور اوسکی سیر اور ہم ۔ الہی خاتمہ بالخیر اور ہم

ایضاً

صریر قلم آج کل حمد ہے ۔ وظیفہ مین نہاری گے الحمد ہے

پسندیدہ ہی غل ہو اللہ کے ۔ کہ تعمیل ہے قل ہو اللہ کے

وہ کیسا خداوند یکسر شکوہ ۔ مگر آفرینندہ ہی شکوہ

جہان آفرین اور جہان آفرین ۔ سخنہاے تو برزبان آفرین

فروزندہ لمعۂ کاف ونون
روان بخش اجسام خاکی اثر
اوسی نے کیا سارا عالم درست
بتاتا نہ گروہ فراز ونشیب
فلک ہو نہ اوسکے کرم بن محیط
زمین کا اوسی سی ہی مبسوط فرش
اوسی سے ہوا انبیا کا ظہور
ہمارے نبی کو دیا امتیاز
بہت مہربان اور نہایت رحیم
خدا دوست ہین مقصد کن ہین وہ
خدائی کے مالک خدا کی حبیب
احد مین یہہ ہونا فقط میم کا
زمین ہی کہ صورت ہی افلاک کی
بنایا نجاتا اگر اونکا نور ٭
نہوتی زمین اور نہ چرخ برین
ہمین مرتبہ آدمی کا ملا
ہم انسان ہنی اور اوس دین مین
کہان تو کہان جادہ مدحتین
باندازتازہ طرز نوی ٭

فرازندہ قلعۂ بے ستون
روان سازبحار افسردہ سر
اوسی سے ہے آخر اوسی سی منخست
دکہاتا یہہ جلوہ شباب ورنہ شیب
وہی ہی علی کل شئی محیط
اوسی ہی کرسی اوسی ہی عرش
کہ عالم کی تھی رہبری بھی ضرور
کیا ہادی خلق امت نواز
شفیع مطاعؑ نبیؑ کریم
قسیم جسیمؐ نسیمؐ ہین وہ
ہماری پیمبر ہمارے نصیب
اشارہ ہی آغاز تعلیم کا
یہہ خاطر ہی سلطان لولاک کی
نہوتے یہان جلوہ گر گر حضور
نہ انواع خلقت علاوہ برین
اونہین کی توجہ ہی یہہ کاملہ
کہ مذکور اپنا ہے والتین مین
کہان چلدیا اے سخاوت حسین
موافق ارادہ کے لکھہ مثنوی

آغاز مثنوی

مین شرح حمیده خصائل لکھون | عمل کیلیے کچھ مسائل لکھون
اسی مسئلہ پر ہے اب اجتہاد | کہ لازم ہی انسان کو فکر معاد
اگر تو ہے جو بندہ رہبری | بڑی خصلت اور کذب سی رہبری
تکوی کا رستہ ہی ہر راستی | رضای خدا ہی مگر راستی
معاشی رہین معادی رہی | توکل کا انسان عادی رہی
اگر غالب آنے کے قابل نہو | مخالف سے ہرگز مقابل نہو
سماعت مین بہرہ ہی گر آپ کو | یہہ ارکان ہین چارہ گر آپ کو
عدو ہے اگر بر سر دار و گیر | فقل حسبی اللہ ونعم النصیر
زد و بلا سے اگر گرد ہے | نہین یاد لاحول کا درد ہے
نہ اخلاص ہو مجھسے بدراہ کو | نچھوڑینگے ہم قل ہو اللہ کو
نہ روکین برای سے حاسد زبان | زبان پر ہی اپنے ہو المستعان
عدو بد نظر ہی کہ حراف ہے | زبان پر ہماری لایلاف ہے
ترو د نہین گر ڈرائے صباح | وظیفہ مین ہے یہان دعای صباح
عبث شام غربت کا وسواس ہی | اگر سورہ والضحی اپاس ہی
زبان روز ہی ہو اگر مدعی | زبان پر ہے یہان المدد یا نبی
بلا سے کمان دار ہی گر کمین | یہان غل ہے یا ارحم الراحمین
معاند کی ہو ہاتھ مین روز ہے | ید اللہ دستی کا یہان شور ہی

عدو سے کہے کوئی برہم ہہون
کہنگے اگر اے گروہ مہیب
نہ یہہ تم رہو اور نہ عترا رہی
تجہے کاش اہم کینہ جو زر بلا
تجہے بولہب سی ہوئی رسم و راہ
اگر آج کہلاے تم سیٹہ جی
نہ کل یہہ زمانہ نہ یہہ زر رہے
بدی اور نیکی ہی رہجائیگی
کہان ہو گی یہہ فر بہی آپ کی
بہت یان تماشہ عدو نے کیے
وہان اوسکو چاندی نہ سونا ملا
عذاب لحد کا تہا منکر نکیر
نہایت ہی حیرت زدہ ہوگیا
یہان مار کہای تہی لوگونکے مال
ریا سے بچے اور ریا سے بچے
بشر چاہیے خیر کرتا رہے
ولیکن نہو فید تحریر کی ❊
رہین ہکاتیب در سے نہو
اوامر کی تعمیل اور تو رہے

نہین مضطر و مضطرب ہم نہون
کہ نصر من اللہ فتح قریب
رہی کچہہ تو تم پر نہ ترا رہی
ہمین اعتقاد ابو ذر ملا
در بو تراب اور اونہی پناہ
اجل کی بہی آخر ہے الیٹہ جی
یہہ داد و ستد ساری در گور رہے
بدی اور شدی خیر کہبائیگی
بہی تاک پہر یگی بہی آپ کی
سوائے گیے اور دو نے گیے
لحد مین اکیلے ہی سونا ملا ❊
وہان آے جسبدم کہ منکر نکیر
لحد سخت آتشکدہ ہوگیا
وہان مار کہای ہوا یہہ مآل
الہی بشر ہر بلا سے بچے
تفاسیر کی سیر کرتا رہے
تحفظ مین ہے یکقلم زیر کی ❊
تعلم کا مضمون در سینہ ہو
خصوصًا زبانون پہ صلوۃ ہے

نظر دار کعبہ پر کرے غور سے
اگر خود نہ سمجھے بڑے اور سے

اقیموا الصلوٰۃ میں تعجیل ہو
اور اتوا الزکوٰۃ کی تکمیل ہو

مذکی ہے جس اہل دولت کا مال
سمجھہ لو کہ اچھا ہے اوسکا مآل

زبان لغمس سنج انم الصیام
جبین سجدہ آگاہ بیت الحرام

اگر یہہ ہو عقل ہے نام کی
زبان ہے نکوتی جبین کام کی

جو کیفیت تازہ بہ جینے میں ہے
مدینہ میں ہے بس مدینہ میں ہے

خد یو مدینہ حبیب خدا
کہ عرش مجیدش بود یتکے

ہمین اون سے اک پنجگانہ ملا
ہمین اونکی دولت خزانہ ملا

تدین کے رستہ ہمین ملگئے
تمدن کے رستہ ہمین ملگئے

عبادت کے عمدہ طریقے ملے
تجارت کے جایز سلیقہ ملے

اگر آدمی صاحب ہوش ہے
نمازی بھی ہو شال بر دوش ہے

نظر میں اوامر کے اک راہ ہو
نواہی سے انسان کو اکراہ ہو

ادب سنج خواہی نخواہی رہی
نواہی میں پڑکر نہ واہی رہے

نمازون کی تفصیل مسائل سننے
سنجا سے ضروری مسائل سنئے

فرائض میں کل سترہ خاص کر
سنن کی ہی تعداد اثنا عشر

سنن اور نوافل ہیں جو غیر ازین
ثوابون سے وہ بھی مغائر نہین

جماعت کہتے کہ ہی حسن دین
خدا نے کیا ہے مع الراکعین

بنے ہو جو تم سب میں قابل امام
کہوا قتدیت بہذا الامام

نماز جماعت کا عنز و وقار
بہرحال ہے منفرد سے ہزار

مہینے کے روزے ہیں ہر سال ہر — مسلمان کو ہین فرض ہر حال ہین

بلا عذر جائز نچھوڑے کبھی — شکستہ دلی سے نہ توڑے کبھی

زکوہ اور حج ذی تمول کو ہے — نظر ادنیہ لازم مگر کل کو ہے

سحر خیریان دایم الصوم کو — پڑہاتے ہین خیر من النوم کو

زبانون پہ ہر روز واللیل ہو — نگاہونمین شان الی اللیل ہو

نکوکاریون سے سروکار رکھہ — دل ازاریون کا نہ آزار رکھہ

اگر دین و دنیا کا چاہو وثوق — ادا تم کرو واجبی سب حقوق

یہہ بے آبروی کا کیون جوش ہے — کہانتک یہہ تو پنبہ درگوش ہے

اجل کی بھی اک چیستان سن کبھی — پڑہا تو نے ہی کل نفس کبھی

اگر آبرو تمکو پانی ہے یار — نکوئی کرو موت آنی ہے یار

نکوئی رہا ہے نکوئی رہے — نکوئی رہے بس نکوئی رہے

گئی یہانسے اور جائینگے کل بشر — بشر کیا یہانتک کہ خیر البشر

خدانے نہ لیے انتظام اجل — نبی تک کو بھیجا پیام اجل

نبی وہ کہ ہین مقصد کن نبی — سنا ہوگا تمنے حیات النبی

گئے جب کہ دنیا سے خیر الانام — خلافت نے پایا تھا یون انتظام

ہوے پہلے صدیق مسند نشین — ہوے پہر عمر زیب دربار دین

سیوم جانشین اونکے عثمان ہوے — چہارم علی شاہ مردان ہوے

امامت کا ہے اسطرح سلسلہ — کہ اول یہہ منصب علی کو ملا

ہوے پہر حسن اور بوجہہ حسن — ہوے بعد ازان خاتم پنجتن

ملا پہر یہہ سجاد کو راز دین
ہوا پہر کہ باقرؑ ہوے جانشین

پس از باقرؑ صاحب افتخار
ہوی جعفر صادق راست کار

پہر اسرار ہوے رضاؑ پر کہلا
مسیحائی کا اونکے دفتر کہلا

پہر اونکے مدارج پہ کاظم ہوے
دیار امامت کے ناظم ہوے

تقیؑ پہر ہوے اہل دین کے امام
نقیؑ نے کیا پہر وہی انتظام

ہوے اونکے مسند نشین عسکری
نہ ہمعصر کو اونسے تہی ہمسری

امامت کو پہر آیا مہدی ہین نور
خدا اونکا دکہلائے ہمکو ظہور

بقا تا قیامت ہی اس دین کو
آئمہ ہین عالم کی تلقین کو

وہی آدمی ہے کہ تا زندہ ہے
شریعت کے رستہ کا تا زندہ ہی

عجب راستی اونکی رستون مین ہی
کہ ہر اونکا پیرو درستون مین ہی

خلاف اونکا ہی ہم طریق یزید
کہ ہرگز بہ منزل نخواہد رسید

بشر کوئی آقا ہے یا بندہ ہے
دہندہ ہے کوئی کہ یا بندہ ہے

بجا آوری منصبی کام کے ؎
بہرحال ہے شرط اسلام کی

تفوق اوسی شخص کو کل پہ ہے
نظر جسکی ہر دم توکل پہ ہے

نہ زر پر نظر ہو نہ جاگیر پر
رہے مطمئن اپنے تقدیر پر

محبت رہے حسبنا اللہ سے
او راخلاص ہو قل ہو اللہ سے

تواتر ہو الحمد للہ کا
ترنم ہو آمنتُ باللہ کا

زبان پر نہ حرف زبون آسکے
جرا آسکے اور نہ چون نہ آسکے

الہی مجہے اہل اوراک کر ؎
خیالات فاسد سے دل پاک کر

الہی تیری یاد اور دل رہے
زبان پر خداوند عادل رہے

مجھے یا الہی وہ رستہ ملے
جہان ابر رحمت برستا ملے

الہی مجھے پاؤن وہ ہاتھ آئین
صراط الذین کی لذت کو پائین

وہ انکھین ملین مجھکو رب ودود
کہ ہو عین شرب مین جنکی نمود

قدم ہو مرا کام کی راہ پر ❖
بھروسا ہو من جانب اللہ پر

نہ دولت مین نیت نہ زمین رہی
توکل ہمارے نظر مین رہے

بنا دے مجھے فرد اوساف مین
قرضدار یونسے رہون صاف مین

تمول بقدر ضرورت ملے
کہ آرام ہر ایک صورت ملے

دکھا دے بنا کر مجھے مطمین
تعیش کی راتین ترقی کے دن

طبیعت کو گہ گاہ بھی غم نہون
تردد سے آگاہ بھی ہم نہون

طبیعت پہ مائل بحالی رہے
بہرحال شگفتہ حالی رہے

احبا کا شہرہ ہو ہر شہر مین
اعزا معزز رہین دہر مین

رہے شمس تا زیب چرخ کہن
رہین میرے صدیق شمس الحسن

یہہ دونون دو چار صد اقبال ہون
جوان بخت ہون اور جوان سال ہون

الہی مجھے پھر وہی کام دے
وہی عیش دے وہ ہی ارام دے

کہان تک خیال بتان مین ہون
کہان تک مین ہندوستان مین ہون

الہی دکھا دے دیار نبی ❖
سنا دے مجھے فا. خلو جنتی

نہ قدری بنون اور نہ جبری بنون
مین مصداق من زار قبری بنون

علایق سے بیزار کردے مجھے
زیارت کے لائق نظر دے مجھے

الٰہی مجھے حق پرستی ملے	میرے پاون کو تیز دستی ملے
تصور کو حاصل مدینہ رہے	زبان پر فنافی المدینہ رہے
سکھا دے مجھے وہ عمل حمد کا	کہ اخلاص پورا ہو الحمد کا
زبان کو میرے نعت گوئی بتا	نکوئی عمل جز نکوئی بتا
زبان پر رہے یا الٰہی مدام	علیہ الصلوٰۃ اور علیہ السلام
زبان جب تلک ہی سخن کی شیر	ثناے محمدؐ بود دلپذیر

الٰہی بہ حق بنی فاطمہؑ
کہ بر قول ایمان کنی خاتمہ

تمّت

خاتمہ الحمد اللہ کہ دیوان نعت شریف تصنیف منیف جناب فیضمآب شاعر نازک خیال شیرین بیان رشک سحبان عاشق رسول کونین فخر دارین منشی محمد سخاوت حسین متخلص بہ سخا متوطن ڈبائی ضلع بلندشہر اس مبارک زمانہ مین کہ ربیع الاوّل کا آغاز ہے ہر جانب سے محفل میلاد کی آواز ہی بکوشش و فرمایش جناب منشی رضا حسین صاحب سپرنٹنڈنٹ محکمہ پیمایش ریاست گوالیار رئیس آنولہ ضلع بریلی عاشقان رسولخدا کی آنکہونکا نور اور دلونکا سرور ہوکر فیض بخش خاص و عام ہوا یعنی یہہ دیوان فصاحت عنوان مطبع وکٹوریہ پریس بدایون مین یکم ربیع الاول کو چہپکر تیار ہوا ہر عاشق رسول اسکا شہرہ سنکر نادیدہ خریدار ہوا بلکہ یون کہین ہر شعر اسے لقب کو گویا باعث افتخار ہوا۔

وجہ ختم خاتمہ واسطے سند اس امر کے کہ یہہ کتاب چہپی ہوی۔ مطبع وکٹوریہ پریس کی مہر و دستخط مہتمم ثبت کیے گیے۔

غلطنامہ نگارستان نعت

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱	دائرہ	جہان کوکہ	احسان کر
۳	۱	نیا	بنا
۶	۱	اگر	عرب
۷	۱۱	کہیؔ	کہی
״	۱۳	چشتی	خشتی
۸	۱۴	صحرامین مدینہ مین	صحرائے مدینہ ہی
۱۱	۱۷	ہین	مین
۱۳	۱۴	ہلتاتھا	ہلنا تھا
۱۶	۴	بزم مولا	بزم مولد
״	۵	ففعلو	فقعلو
۱۷	۱۲	پہر	بہر
۱۸	۷	وہی	وہ ہے
״	۱۵	خواہان اوسکی	خواہان ہون اوسکی
۱۹	۶	دیکہای	دکہادی
۲۱	۲	پیشتر ہی آماد	بیشتر ہے آمادہ
״	۷	حرف	صرف
۲۲	۱۵	رضیہ	رضینا

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۳۰	۴	آذان	اذان
״	۹	مولدہی شان	مولد مین ہی شان
۳۱	۸	قو	خو
۳۴	۵	چشم چشم	چشم جسم
۳۶	۴	گو	کو
״	۱۰	گومین	گمتوس
۳۸	۶	جان	خان
۴۰	۲	جاوحشم	جاہ وحشم
״	۱۰	شیر	سیر
״	۱۱	عنبر وسارا	عنبر سارا
״	۱۵	اورہی نیت	اورہی اونیت
۴۱	۸	مدہتین	مدحتین
۴۴	۶	وارفتگی ہر قد	وارفتگی قد
۴۵	۱۴	روشن ہی	روشن ہر
״	۱۴	شان گے	شان خدا کے
۴۷	۱۸	ہون نیت	ہون اور نیت
۵۱	۱۵	محلی	معاً

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۵۲	۱۷	ہرزبان ہی	برزبان ہین
۵۳	۴	گردو	گردون
۵۹	۱۵	مدلون مین	مدتون ہون
۶۰	۲	فخر	خلق
〃	۱۶	فرق	ورق
۶۱	۹	ارادی کو	ارادی ہمکو
۶۲	۶	خلایق	خلاّق
۶۴	۹	عشر	محشر
۶۶	۱۸	ی	اے
۶۷	۲	خبرداراور	خبراور
۶۸	۱۰	خداحکم	خداکاحکم
〃	۱۸	دور	دوری
۷۰	۶	ہوتشویش	ہوتوتشویش
〃	۸	ثناگری کا	ثناگرکا
۷۲	۸	ہوہنو	ہی ہنو
〃	۱۶	افلاک	افلاس
۷۳	۱۸	افتاد	دلنہاد
〃	۱۱	قران وپاک	قران پاک

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۷۳	۱۴	عشرت اسیر	عُسرت اسیر
۷۴	۱	اوطمطراق	اور یہہ طمطراق
〃	۶	کرتاہے	کرتی ہے
۷۵	۷	گہوکے	گوکبھی
〃	۱۲	بہرہی	پیری
۷۶	۳	کاہی ترانہ	کاترانہ
〃	۱۲	سرکش	بشرکس
۷۸	۱۰	کہاہی رواج	کہتاہی راج
〃	۱۱	جوفروش سے	ہجو فروش بھی
۷۹	۱۴	گناہ	نگاہ
〃	۱۶	توہی	تُوبہی
۸۱	۹	جونہوتے	خونہوتے
〃	۱۸	عدواپنا	عدولینا
〃	۱۹	مانذکا	ماندن کا
۸۲	۱	چشم کوکون	چشم نے کیون آج
۸۳	۱	جوملا	ملاجو
〃	۱۳	جان	حاضر
۸۴	۵	غرب کو	عرب کا

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۸۲	۱۰	نی اگر	کی گر
۸۹	۱۳	دہکیتی ہم گریاوری	دہکتے گریاوری
۹۲	۱۴	زرہے	زرسے
۹۸	۱۲	ہی خوشرہی	ہی خوشتر تہی
״	۱۵	سنعقد	معتقد
۱۰۲	۳	کاجہاڑون	کاہی جہاڑون
۱۰۴	۱۶	شہ نے ددار	شہ نے روداد
۱۰۵	۷	یہہ تو	پہر تو
״	״	سنعقد	معتقد
۱۰۶	۸	داور	داورا
״	۱۷	فرار	قرار
۱۰۸	۱	سن	اسن
״	۸	خدای رضابر	رضائے خداپر
۱۱۲	۸	دیوان	ایوان
۱۱۳	۱۶	ہرکی مد	کی ہرمد
״	۱۸	رتبہ تیرا	رتبہ تو
۱۳۰	۹	ذکرسونی	ذکرگک ہونسی
۱۲۵	۲	کرتی ہین	کرتی ہے

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱۲۷	۱۰	اینجا	انکی
۱۲۸	۳	یہ حضرت	یہہ کہتے تہے
۱۳۱	۴	تیرا	میرا
״	۱۰	شکستہ	بشکستہ
۱۳۷	۱۲	حنسن	حسن
۱۳۹	۱۰	گردان خوکاں	گردون ہے
״	۱۶	ضعف	ضعفا
۱۴۰	۷	گہر	گر
۱۴۳	۹	قائل اکنار	قابل اکنار
״	۱۷	ہای غفلت کا	ہای کا غفلت کا
۱۴۴	۴	جسکی	جسکو
״	۱۵	شعار	شمار
۱۴۵	۸	نظر	سفر
۱۵۰	۱۹	اورجہان	اورجان
۱۵۶	۷	امامت کو	امامت کا

تمت